Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 13 جمعۃ المبارک، 8 اپریل 2022ء، 6 رمضان المبارک 1443ھ، 26 چیت 2079ب، قیمت 20 روپے شمارہ 02

نیشنل سکیورٹی کونسل اصل حقائق سے قوم کو آگاہ کرے: متحدہ اپوزیشن

آئین پر حملہ کرنے کے ذمہ داروں کا تعین کر کے مثالی سزا دی جائے` پاکستان کے وفاقی پارلیمانی نظام کا تحفظ کرنے کیلئے ہر حد تک جائیں گی، ڈپٹی سپیکر کی غیر آئینی رولنگ جمہوری نظام کی بنیاد پر حملہ ہے

پنجاب میں جس طرح جمہوری مینڈیٹ کو روندا جا رہا ہے، یہ وفاق پاکستان کیلئے انتہائی خطرناک روش اور اقدام ہے، نیشنل سکیورٹی کونسل اصل حقائق سے قوم کو آگاہ کرے، اعلامیہ

وزیراعظم آزاد جموں وکشمیر سردار عبدالقیوم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) متحدہ اپوزیشن نے ڈپٹی اسپیکر قاسم سوری اور عمران نیازی حکومت کی طرف سے تحریک عدم اعتماد کو آئین شکنی کے ذریعے مسترد کرنے اور رائے شماری نہ ہونے دینے کو آئین اور پارلیمنٹ پر بدترین حملہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ آئین پر حملہ کرنے کے ذمہ داروں کا تعین کر کے مثالی سزا دی جائے، آئین پاکستان 22 کروڑ عوام کی امنگوں کا ترجمان اور پاکستان (بقیہ نمبر 25)

نمبر گیم: اپوزیشن کے 3 ارکان صوبائی اسمبلی کا پرویز الٰہی سے رابطہ

حکومتی امیدوار نے رابطے کرنے والوں کے نام راز میں رکھنے کی ہدایت

رابطے کرنے والے ارکان ماضی میں بطور وزرا اور مشیر کام کر چکے ہیں

لاہور (اے ایف بی) اپوزیشن کے 3 ارکان صوبائی اسمبلی نے پرویز الٰہی سے رابطہ کیا، ترجمان ق لیگ کا کہنا ہے کہ اپوزیشن کو پنجاب اسمبلی میں نمبر گیم سے متعلق جلد سرپرائز دیں گے۔ تفصیلات کے مطابق اپوزیشن کے 3 ارکان صوبائی اسمبلی کا پرویز الٰہی (بقیہ نمبر 26)

غیر قانونی تعیناتیاں شوکت عزیز کو عدالت سے بڑا ریلیف مل گیا

نیب ترمیمی آرڈیننس کے بعد احتساب عدالت کا دائرہ اختیار نہیں بنتا، نیب ریفرنس کو متعلقہ فورم پر بھیجے، عدالتی فیصلہ

اسلام آباد (چیف رپورٹر) سابق وزیراعظم شوکت عزیز اور شریک ملزمان کو احتساب عدالت سے بڑا ریلیف مل گیا۔ احتساب عدالت اسلام آباد میں متبادل توانائی بورڈ کے کنسلٹنٹ کی غیر قانونی تعیناتی (بقیہ نمبر 29)

پاکستان کے آئین کو انصاف چاہیئے: شیری رحمن

غدار کا پرچہ کون بانٹ رہا ہے، عمران خان کے حواری فصلی بٹیروں کی طرح اڑنے لگے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نے کہا ہے کہ پاکستان کے آئین کو انصاف چاہیے، غدار کا پرچہ کون بانٹ رہا ہے، عمران خان کے حواری فصلی بٹیروں کی طرح اڑنے لگے، یہ پاکستان کے سرمایہ کو باہر لیکر (بقیہ نمبر 28)

قیدیوں کی سزاؤں میں 60 دن کمی کا اعلان

سزاؤں میں کمی کا اطلاق ان تمام قیدیوں پر ہوگا جو رواں سال جیل قوانین کی خلاف ورزی میں ملوث نہیں ہوں گے

لاہور (اے ایف بی) رمضان کی مناسبت سے پنجاب میں قیدیوں کی سزاؤں میں 60 دن کمی کا اعلان کر دیا گیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار کی ہدایت پر آئی جی جیل خانہ جات پنجاب مرزا شاہد سلیم بیگ نے رمضان (بقیہ نمبر 27)

ڈپٹی اسپیکر کی رولنگ کالعدم: قومی اسمبلی بحال

تحریک عدم اعتماد مسترد ہونے کے بعد سپریم کورٹ کی جانب سے لیا گیا ازخود نوٹس کا فیصلہ سناتے ہوئے ڈپٹی اسپیکر کی رولنگ کو کالعدم قرار دیتے ہوئے عدالت عظمیٰ نے تحلیل کی گئی اسمبلی کو بحال کر دیا

قومی اسمبلی کے اسپیکر کو ہفتے کی صبح اسمبلی کا اجلاس بلانے اور تحریک عدم اعتماد پر ووٹنگ کروانے کا حکم دے دیا ہے، ڈپٹی اسپیکر کی تین اپریل کی رولنگ آئین کے خلاف ہے

اسلام آباد (حاجی ندیم سے) قومی اسمبلی میں تحریک عدم اعتماد مسترد ہونے کے بعد سپریم کورٹ کی جانب سے لیا گیا ازخود نوٹس کا فیصلہ سناتے ہوئے ڈپٹی اسپیکر کی رولنگ کو کالعدم قرار دیتے ہوئے عدالت عظمیٰ نے تحلیل کی گئی اسمبلی کو بحال کر دیا۔ سپریم کورٹ نے قومی اسمبلی کے اسپیکر کو ہفتے کی صبح اسمبلی کا اجلاس بلانے اور تحریک عدم اعتماد پر ووٹنگ کروانے کا حکم دے دیا ہے۔ چیف جسٹس نے فیصلہ سناتے ہوئے ریمارکس دیے کہ پانچ صفر سے فیصلہ سنا رہے ہیں، موجودہ معاملات نمٹائے جاتے ہیں۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ ڈپٹی اسپیکر نے 3 اپریل کو رولنگ دی، مارچ کو تحریک عدم اعتماد پر لیو گرانٹ کی گئی، ڈپٹی اسپیکر کی تین اپریل کی رولنگ آئین کے (بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر محمد شکیل منیر چیمبر کے دورے کے موقع پر ٹریڈز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے صدر احمد خان کے ساتھ گروپ فوٹو

پی پی کا عمران حکومت سے نجات کی خوشی منانے کا فیصلہ

اسلام آباد (اے ایف بی) پاکستان پیپلز پارٹی نے عمران خان کی حکومت سے نجات کی خوشی میں ملک بھر میں تقریبات منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما نیئر بخاری کے مطابق پی (بقیہ نمبر 31)

تحریک انصاف کیساتھ جانے پر ہمیں مجبور کیا گیا، فیصل سبزواری

9 مارچ کو وزیراعظم بہادر آباد آئے، کسی بیرونی سازش کا ذکر نہیں کیا

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان کے سینئر رہنما سینیٹر فیصل سبزواری نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کے ساتھ جانے پر ہمیں مجبور کیا گیا، ان میں اتنی سکت نہیں تھی کہ ایک بھی سیٹ جیت سکیں۔ کراچی میں پارٹی ذمہ داران و کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سینیٹر فیصل سبزواری نے کہا کہ 3 اگست 2018 کو (بقیہ نمبر 30)

اسپیکر کے پاس رولنگ کا اختیار ہے اس کا فیصلہ حتمی ہے: شاہ محمود قریشی

اسپیکر کی رولنگ کو آرٹیکل 69 تحفظ دیتا ہے، ڈپٹی اسپیکر نے آئین شکنی نہیں کی، ہم نے آئین کا حلف لیا ہے، آئین کی پاسداری ہم پر لازم ہے

موجودہ صورتحال میں واحد حل فریش مینڈیٹ ہے، عوام نے فیصلہ کرنا ہے ملک کی باگ ڈور کس کے ہاتھ میں دیں

اسلام آباد (حاجی ندیم) سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ اسپیکر کے پاس رولنگ کا اختیار ہے اس کا فیصلہ حتمی ہے، رولنگ کو آرٹیکل 69 تحفظ دیتا ہے، ڈپٹی اسپیکر نے آئین شکنی نہیں کی، ہم نے آئین کا حلف لیا ہے، آئین کی پاسداری ہم پر لازم ہے، آئین سے ماورا قدم اٹھانا نہ ہماری پالیسی ہے اور نہ سوچ ہے، اگر اپوزیشن کو دھمکی آمیز مراسلے پر شبہ تھا تو نیشنل سکیورٹی (بقیہ نمبر 33)

مسلم لیگ ن کے رکن اسمبلی خواجہ سلمان رفیق پنجاب اسمبلی کے باہر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

ہمارے معاشرے میں کیوں سوشل میڈیا پر بدتمیزی اور بدتہذیبی ہے؟ اسلام آباد ہائیکورٹ

سوسائٹی میں عدم برداشت کا یہ مطلب نہیں ایسے قانون بنائے جائیں جن کا غلط استعمال ہو سکے، اسلام آباد ہائیکورٹ

ڈائریکٹر ایف آئی اے تمام کیسز کی رپورٹ کل عدالت میں جمع کرائیں۔ عدالت نے سماعت کل تک ملتوی کر دی

اسلام آباد (حمزہ لطیف) اسلام آباد ہائی کورٹ نے ریمارکس دیے ہیں کہ سوشل میڈیا تو معاشرے کا عکاس ہوتا ہے، ہمارے معاشرے میں کیوں سوشل میڈیا پر بدتمیزی اور بدتہذیبی ہے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اطہر من اللہ نے پیکا ترمیمی آرڈیننس کے خلاف پی بی اے و دیگر صحافتی تنظیموں کی درخواستوں پر سماعت کی۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل قاسم ودود اور ڈپٹی اٹارنی جنرل (بقیہ نمبر 34)

افسران کو فوری اور فری مقدمات کی رجسٹریشن کا حکم

عوام کی جان و مال کا تحفظ ہر صورت ممکن بنایا جائے، آر پی او سرگودھا

سرگودھا (راحیلہ یوسف) ریجنل پولیس آفیسر سرگودھا نے افسران کو فوری اور فری مقدمات کی رجسٹریشن کا حکم دے دیا اور روزانہ کی بنیاد پر عوامی شکایات (بقیہ نمبر 48)

عمران کی مثال ہٹلر سے مختلف نہیں وہ نازی تھا یہ نیازی ہے: شہباز شریف

نیشنل سکیورٹی کونسل کے فیصلے عوام میں لائے جائیں، پاکستان کو بچانا ہے تو آئین کی بالادستی قائم کرنا ہوگی

عمران نیازی جھوٹے ہیں، عمران نیازی ایبسولیوٹلی فراڈ ہیں، یہاں تو یہ جھوٹا فراڈ لیٹر لے آئے، پنجاب میں کیا ہوا تھا؟

آئین کی حکمرانی اور آئین توڑنے والوں کو سزا ملنے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے، صدر مسلم لیگ ن کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (روبینہ فیصل) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے کہا ہے کہ عمران نیازی کی مثال ہٹلر سے مختلف نہیں، وہ نازی تھا یہ نیازی ہے، جو نازی نے جرمنی میں کیا تھا وہ نیازی نے پاکستان میں کیا، نیشنل سکیورٹی کونسل کے فیصلے عوام میں (بقیہ نمبر 43)

اسد مجید خان امریکا سے عجلت میں روانہ نہیں ہوئے، سفارتی ذرائع

اسلام آباد (چیف رپورٹر) سفارتخانے کے ریکارڈ کے مطابق امریکا میں پاکستان کے سابق سفیر اسد مجید خان اپنی مدت ملازمت پوری کرنے کے بعد 24 مارچ کو اسلام آباد واپس آئے اور انہوں نے اچانک ملک نہیں چھوڑا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اسد مجید خان اپنے پیشرو سفیر جہانگیر صدیقی کے 25 دسمبر 2018 کو ملازمت چھوڑنے کے فوراً بعد واشنگٹن پہنچے اور انہوں (بقیہ نمبر 36)

لاہور انارکلی دھماکے میں ملوث ایک اور دہشت گرد گرفتار

دہشت گرد کو بلوچستان سے گرفتار ملزمان کی نشاندہی پر گرفتار کیا گیا

لاہور (اے ایف بی): انارکلی بم دھماکے میں ملوث ایک اور دہشت گرد لاہور سے گرفتار کر لیا گیا۔ لاہور کے انارکلی بازار میں ہونے والے بم دھماکے میں (بقیہ نمبر 35)

مریم نواز فرح خان کے معاملے پر عدالت جائیں ہم ساتھ ہیں

اللہ کی شان ہے کہ مریم نواز کمیشن اور کک بیکس پر بیان دے رہی ہیں، فواد چوہدری

اسلام آباد (اے ایف بی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری نے مریم نواز کو پیشکش کی ہے کہ وہ فرح خان پر الزام عائد کرنے کے بجائے عدالت سے رجوع کریں، ہم ساتھ ہیں۔ مریم نواز کی پریس کانفرنس پر ردعمل دیتے ہوئے فواد (بقیہ نمبر 37)

آزاد کشمیر کے وزیر اطلاعات قانون انصاف و پارلیمانی امور سردار شمیم اختر وزیر تعمیرات عامہ چوہدری اظہر صادق سے ملاقات کر رہے ہیں

صاف اور شفاف انتخابات ہونے جا رہے ہیں، سینیٹر فیصل جاوید

معاملہ بدل گیا ہے، اب معاملہ سیاست کا نہیں ریاست کا ہے، علی محمد خان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر فیصل جاوید نے کہا ہے کہ تاریخ کے فری اینڈ فیئر انتخابات ہونے جا رہے ہیں۔ سپریم کورٹ کے باہر علی محمد خان کے ہمراہ میڈیا سے بات کرتے ہوئے انتخابات کی تیاریاں عروج پر ہیں، پاکستان کی (بقیہ نمبر 49)

مولانا فضل الرحمان کی کال پر (آج) یوم تحفظ آئین پاکستان منایا جائے گا

لاہور (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے صدر و جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کی کال پر آج (جمعہ) کے دن کو یوم تحفظ آئین پاکستان کے طور پر منایا جائے گا۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ عمران خان نے آئین کو پامال کیا، قوم جمعہ کے دن کو عمران خان کے (بقیہ نمبر 50)

سی ای او ایل ڈبلیو ایم سی ایاز احمد خان رمضان بازار کا دورہ کر رہے ہیں

کنٹونمنٹ ایریا راولپنڈی میں شاہراہوں کی تعمیر و مرمت کا کام شروع

گرمی کے عروج سے پہلے پانی کے متعدد منصوبوں پر بھی کام کا آغاز ہو چکا ہے سی ای او عمران گلزار

کینٹ میں ترقیاتی اور عوامی سہولتوں کے کاموں کو معیاری بنایا جائے گا اور ہر ممکن سہولتیں بہم پہنچائی جائیں گی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی کینٹ بورڈ عمران گلزار کی خصوصی ہدایات پر مختلف علاقوں میں سڑکوں کی تعمیر و مرمت کا کام بڑے پیمانے پر شروع کر دیا گیا ہے جس میں ڈھوک منگٹال، عطاالحق، کانوائے ریج روڈ اور دیگر شاہرات شامل ہیں سی ای او نے ذاتی دلچسپی لیتے ہوئے کینٹ کے شہریوں کے دیرینہ مطالبات پر ان منصوبوں کو مکمل کرنے کی ہدایات جاری کی (بقیہ نمبر 38)

مجھے شاید بنی گالہ کے موکلوں نے یہاں تک پہنچایا، عظمیٰ کاردار

بنی گالہ میں صرف فرح خان ہی نظر آئی، بھاگ گئی ہے تو سارے جوابات انہیں ہی دینا پڑیں گے

لاہور (این این آئی) تحریک انصاف کی منحرف ہونے والی رکن اسمبلی عظمیٰ کاردار نے کہا ہے کہ جیالی کے طور پر شہرت حاصل کر کے منحرف میں اپنے لیڈر کو نہیں (بقیہ نمبر 44)

وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم نے پولی کلینک ہسپتال کے دورہ کی رپورٹ پیش کر دی

ڈاکٹروں اور عملہ کی بروقت آمد کے لئے بائیو میٹرک سسٹم فعال کرنے کی ہدایت

ساٹھ سال سے زیادہ عمر کے افراد کو ایک ماہ اور اس سے کم عمر مریضوں کو پندرہ دن کی ادویات یکمشت دینے کا حکم

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے گزشتہ دنوں سرکاری ہسپتالوں کے خلاف شکایات پر نوٹس لیتے ہوئے ایک معائنہ ٹیم تشکیل دی تھی جس نے پولی کلینک ہسپتال کے دورے کی رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش کر دی ہے۔ سینئر ایڈوائزر احمد فاروق کی سربراہی میں قائم کردہ اس ٹیم نے جس میں کنسلٹنٹ عملدر آمد پرویز حلیم اور دیگر افسران بھی شامل تھے، ہسپتال کے مختلف (بقیہ نمبر 51)

سابق گورنر پنجاب چوہدری سرور فاؤنڈیشن ہاؤس کے 10 سال مکمل ہونے پر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

عامر لیاقت نے اپوزیشن رہنماؤں سے معافی مانگ لی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سابق رہنما اور رکن قومی اسمبلی عامر لیاقت حسین نے گزشتہ روز تمام وزیراعظم عمران خان اور ان کے ساتھیوں کا اصل چہرہ دیکھنے کے بعد اپوزیشن رہنماؤں سے معافی مانگ لی۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 39)

آئین تحفظ تمام اداروں کا فریضہ ہے، افتخار حسین

آئین کی پاسداری کرنیوالے غدار اور آئین کو روندنے والے کھلے عام پھر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما میاں افتخار حسین نے کہا ہے کہ آئین تحفظ تمام اداروں کا فریضہ ہے، جو آئین کی پاسداری کر رہے ہیں (بقیہ نمبر 45)

ہوائی فائرنگ اور اسلحہ کی نمائش کرنے پر چار مسلح افراد گرفتار

پولیس نے الگ الگ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے

سرگودھا (عبدالقیوم) سرگودھا کے قصبہ جھاوریاں میں ہوائی فائرنگ اور اسلحہ کی نمائش کرنے پر چار مسلح افراد کو پولیس نے گرفتار کر کے ناجائز اسلحہ برآمد کر لیا جس پر ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ جھاوریاں میں ہوائی فائرنگ اور اسلحہ کی نمائش کا نوٹس لیتے ہوئے (بقیہ نمبر 52)

سرگودھا میں نوجوان نے دین اسلام قبول کر لیا

سرگودھا (ظہور حسین بخاری) سرگودھا میں مسیح نوجوان نے اسلام کی تعلیمات سے متاثر ہو کر دین اسلام قبول کر لیا جس پر اس کا اسلامی نام رکھ کر اس کو مذہبی عبادات کی ترغیب دی جا رہی ہے۔ سرگودھا فیصل آباد روڈ کے چک 88 شمالی کے نوجوان عرفان (بقیہ نمبر 40)

اوپن یونیورسٹی نے ملتوی شدہ امتحانات کی نئی تاریخوں کا اعلان کر دیا

اسلام آباد (اے ایف بی) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے خیبر پختونخوا میں بلدیاتی الیکشن کی وجہ سے ملتوی شدہ امتحانات کی نئی تاریخوں کا اعلان کر دیا ہے۔ میٹرک کے کورس کوڈ 218,211 کے امتحانات 30 مارچ

سپریم کورٹ آف پاکستان کے احکامات پر مسمار ہونے والے نسلہ ٹاور کے پلاٹ کا منظر

بہاولنگر میں نہر میں 80 فٹ چوڑا شگاف، تیار فصل تباہ

مشینری اور عملہ شگاف پُر کرنے روانہ کر دیا ہے، جلد شگاف پُر کر لیا جائے گا، حکام

بہاولنگر (این این آئی) بہاولنگر کی نہر سلکس آر میں 80 فٹ چوڑا شگاف پڑ گیا، بہاولنگر کے علاقے فقیر والی کے قریب واقع نہر سلکس آر میں 80 فٹ چوڑا شگاف پڑنے سے پانی سینکڑوں ایکڑ پر گندم کی تیار فصل میں جمع ہو گیا۔ محکمہ انہار کے مطابق نہر شگاف پڑنے (بقیہ نمبر 41)

اپوزیشن کا موجودہ سیاسی صورتحال پر سخت ردعمل دینے پر غور

آصف زرداری نے مرحلہ وار حکومت مخالف تحریک شروع کرنے کی تجویز دیدی

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر) متحدہ اپوزیشن کی جانب سے موجودہ سیاسی صورتحال پر سخت ردعمل دینے پر غور شروع کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق متحدہ اپوزیشن نے عدالتی فیصلے کے انتظار کی بجائے سڑکوں پر آنے پر مشاورت کی ہے۔ مشاورت میں آصف زرداری، شہباز شریف، مولانا فضل الرحمٰن سمیت دیگر رہنما شامل تھے۔ سابق صدر (بقیہ نمبر 53)

پی پی کا عمران حکومت سے نجات کی خوشی منانے کا فیصلہ

اسلام آباد (اے ایف بی) پاکستان پیپلز پارٹی نے عمران خان کی حکومت سے نجات کی خوشی میں ملک بھر میں تقریبات منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما نیئر بخاری کے مطابق پی پی پی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے عمران (بقیہ نمبر 54)

آصف زرداری نے بیت اللہ محسود کے ذریعے بینظیر کو قتل کروایا: پرویز مشرف

بے نظیر بھٹو کے قتل میں میرا نقصان ہی نقصان ہوا، فائدہ ایک ہی آدمی کو ہوا جو قاتل ہے اور وہ آصف زرداری ہے

بے نظیر بھٹو صاحبہ ایک بلٹ پروف گاڑی میں بیٹھی تو پھر کیا ضرورت تھی ایک عام سے مکینک سے گاڑی اوپر سے کٹوانے کی؟ سابق صدر

رائے ونڈ، ڈپٹی ڈائریکٹر مارکیٹنگ ایگریکلچر شبیر حسین رمضان بازار میں اشیاء کا معائنہ کر رہے ہیں

اسلام آباد (رانا فہد نذیر) پاکستان کے سابق صدر جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف نے سابق صدر آصف زرداری کو ایک بار پھر میر مرتضیٰ بھٹو اور بینظیر بھٹو کے قتل کا ذمہ دار ٹھہراتے ہوئے کہا ہے کہ آصف زرداری نے بیت اللہ محسود کے ذریعے بینظیر قتل کروایا۔ غیر ملکی میڈیا نے اپنے ٹوئٹر اکاؤنٹ پر سابق فوجی صدر کا ایک ویڈیو پیغام شیئر کیا ہے، جس میں انہیں بے نظیر بھٹو قتل کیس سے متعلق بات کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔ ویڈیو پیغام میں پرویز مشرف نے کہا کہ بھٹو خاندان میں مرتضیٰ بھٹو اور بینظیر بھٹو کے قتل کا ذمہ دار ایک آدمی ہے اور وہ آصف علی زرداری ہے، دونوں (بقیہ نمبر 42)

شاہ محمود سپریم کورٹ کے اندر جا کر جواب دیں، شاہد خاقان عباسی

عمران نیازی اور ان کے حواریوں نے آئین توڑا، آئین کے خلاف بغاوت کا جرم کیا

آرٹیکل 6 کے تحت سب کا ٹرائل ہوگا اور عبرت کا نشان بنائیں گے، سابق وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیراعظم اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما شاہد خاقان عباسی نے سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شاہ محمود قریشی سپریم کورٹ کے باہر باتیں بنانے کے بجائے سپریم کورٹ کے اندر جا کر جواب دیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ شاہ محمود قریشی کمرہ (بقیہ نمبر 46)

امریکی کمپنی سے لاکھوں ڈالرز کا فراڈ کرنے والے اشتہاری ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) ایف آئی اے سائبر کرائم نے امریکی کمپنی سے لاکھوں ڈالرز کا فراڈ کرنے والے اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ملزم رستم علی امریکی خاتون اور اپنے دیگر ساتھیوں کے ساتھ مل کر فراڈ کیا، ملزمان امریکی کمپنی میں ملازم تھے، ملزمان نے انگلینڈ، آسٹریلیا اور امریکہ میں جعلی آرڈر کی مد میں ساڑھے سات لاکھ (بقیہ نمبر 55)

مخبوط الحواس شخص راہگیروں کیلئے خوف کی علامت بن گیا

پتھر مار کر لوگوں کو زخمی کرنا اور گاڑیوں کے شیشے توڑنا معمول بنا لیا

لاہور (این این آئی) تھانہ لٹن روڈ کی حدود میں مخبوط الحواس شخص راہگیروں کیلئے خوف کی علامت بن گیا، پتھر مار کر لوگوں کو زخمی کرنا اور گاڑیوں کے شیشے توڑنا معمول بنا لیا، ایمرجنسی سروس ون فائیو پر متعدد کالز کے باوجود پولیس مذکورہ شخص کو (بقیہ نمبر 47)

ڈپٹی کمشنر لاہور عمر شیر چٹھہ انسداد پولیو مہم کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

عدالت عظمیٰ کا آئین کے تحفظ کا عہد

قومی اسمبلی کے ڈپٹی سپیکر قاسم سوری کی 3 اپریل کی رولنگ سے ملک میں پیدا ہونیوالے آئینی، سیاسی اور گورننس کے بحران میں روز بہ روز اضافہ ہونے کے باعث اس وقت ملک میں آئین و قانون کی حکمرانی کے بجائے جنگل کے قانون و معاشرے کی عکاسی ہو رہی ہے۔ متذکرہ رولنگ کے ذریعے ڈپٹی سپیکر نے وزیر اعظم عمران خان کیخلاف اپوزیشن کی تحریک عدم اعتماد مسترد کی تو اسکے ساتھ ہی وزیر اعظم نے صدر مملکت کو قومی اسمبلی توڑنے کا مشورہ دے دیا جس پر صدر مملکت کی جانب سے فوری طور پر اسمبلی توڑنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا جس کا چیف جسٹس سپریم کورٹ مسٹر جسٹس عمر عطا بندیال نے اپنے ازخود اختیارات کے تحت نوٹس لیا اور عدالت عظمیٰ کے برادر ججوں کے ساتھ مشاورت کے بعد ازخود نوٹس کیس کی سماعت کیلئے 4 اپریل کی تاریخ مقرر کر دی۔ فاضل چیف جسٹس نے اپنے 3 اپریل کے احکام کے تحت صدر مملکت اور وزیر اعظم سمیت تمام مقتدر شخصیات کو آئین و قانون کے منافی کسی قسم کے احکام جاری کرنے اور اقدامات اٹھانے سے بھی روک دیا اور انکے احکامات و اقدامات ازخود نوٹس کیس میں سپریم کورٹ کے فیصلہ کے ساتھ مشروط کر دیئے۔ اس تناظر میں حکومتی اور اپوزیشن قیادتوں کے علاوہ پوری قوم کی توجہ عدالت عظمیٰ کی جانب مرکوز ہو گئی تاہم سیاسی درجہ حرارت کم ہونے کے بجائے مزید بڑھتا نظر آیا جس کیلئے حکومتی اور اپوزیشن قائدین کی ایک دوسرے پر جارحانہ الزام تراشی نے جلتی پر تیل کا کام کیا۔ اس طرح گزشتہ چار روز سے ملک میں سیاسی افراتفری، انتشار کے باعث فریقین میں دنگا فساد کے بڑھتے خطرات سے پیدا ہونیوالی غیریقینی کی فضا نے امور حکومت و مملکت اور حکومتی گورننس سمیت زندگی کے تمام معمولات کو عضوِ معطل بنا دیا ہے اور کسی بھی وفاقی اور صوبائی محکمے میں کوئی بھی سرکاری کام دلجمعی کے ساتھ سرانجام نہیں پا رہا چنانچہ قوم کے ہر فرد کے دل میں ملک کے مستقبل کے حوالے سے سوالات اٹھنا فطری امر ہے۔ عوامی، سیاسی اور قانونی حلقے ازخود نوٹس کیس اور اس سے منسلک پیپلز پارٹی اور سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کی آئینی درخواستوں کی گزشتہ چار روز سے جاری سماعت کے دوران عدالت عظمیٰ کے فاضل وسیع تر بنچ کی جانب سے دیئے جانیوالے ریمارکس اور اٹھائے جانیوالے سوالات کی بنیاد پر ممکنہ نتیجہ اخذ کر کے ملک میں آئین و قانون کی عملداری اور سسٹم کی بقاء کے حوالے سے اپنے اپنے تجسس اور فکرمندی کا اظہار کر رہے ہیں۔ بدھ کے روز عدالت عظمیٰ کے روبرو صبح ساڑھے 9 بجے سے شام چار بجے تک ازخود نوٹس کیس کی سماعت جاری رہی۔

زکوۃ و عشر (حصہ دوم)

ڈاکٹر ساجد خاکوانی

(اسلام آباد، پاکستان)

سورۃ توبہ کی آیت 60 میں اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کی ایک فہرست دی ہے جنہیں زکوۃ دی جاسکتی ہے ”اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَ الْمَسٰكِيْنِ وَ الْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَ الْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَ فِي الرِّقَابِ وَ الْغٰرِمِيْنَ وَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ ابْنِ السَّبِيْلِ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۹:۶۰﴾“، اس آیت کی تفصیل درج ذیل ہے:

1۔ فقرا
2۔ مساکین
3۔ محکمہ زکوۃ کے ملازمین
4۔ تالیف قلب کے لیے
5۔ غلاموں کی آزادی کے لیے
6۔ قرض داروں کی مدد کے لیے
7۔ اللہ تعالیٰ کی راہ میں۔

وارث کو زکوۃ نہیں دی جاسکتی مثلاً والدین اور اولاد ایک دوسرے کو زکوۃ نہیں دے سکتے، میاں بیوی ایک دوسرے کو زکوۃ نہیں دے سکتے وغیرہ۔ اسی طرح غیر مسلم کو بھی زکوۃ نہیں دی جاسکتی تاہم دیگر صدقات غیر مسلموں کو دیے جاسکتے ہیں۔ جبکہ آل رسول ﷺ کو بھی زکوۃ وصدقات کی ممانعت ہے اور جس کی کفالت شرعاً واجب ہو انکو بھی زکوۃ نہیں دی جا سکتی۔ زکوۃ کی ادائگی کے لیے ایک شرط ”تملیک“ بھی ہے، یعنی زکوۃ اس کو دی جاسکتی ہے جو وصول کر کے اس کا مالک بن سکے۔ چنانچہ زکوۃ کی رقم سے مردے کا کفن دفن نہیں ہوسکتا کیونکہ مردے میں تملیک عنقا ہوتی ہے وغیرہ، اسی طرح مسجد میں بھی زکوۃ کی رقم نہیں دی جاسکتی۔ البتہ قریب ترین غیر وارث رشتہ دار زکوۃ کے اولین حق دار ہیں۔ کسی مستحق زکوۃ کو کسی اور بہانے سے زکوۃ دینا جائز ہے۔ چنانچہ مستحق زکوۃ رشتہ داروں یا دیگر اقرباو احباب و پڑوسیوں کو ہدیہ، تحفہ، نذرانہ، شکرانہ، قرض یا کسی بھی اور بہانے سے زکوۃ دے دینی چاہیے تا کہ ان کی عزت نفس مجروح نہ ہو۔

نظام زکوۃ:

زکوۃ کی تقسیم ایک نظام کے تحت ہونی چاہیے کہ معاشرے کے امیر لوگ ایک جگہ زکوۃ جمع کرائیں اور غریب لوگوں میں تقسیم کر دی جائے اس طرح غربا اور سفید پوش لوگوں کا بھرم قائم رہے اور فرد فرد کا احسان مند ہونے کی بجائے معاشرے کا احسان مند رہے گا۔ اللہ تعالیٰ نے نیک لوگوں کی یہ صفت گنوائی ہے کہ جب ہم انہیں زمین میں اقتدار دیتے ہیں تو وہ نظام صلوۃ اور نظام زکوۃ قائم کرتے ہیں۔ ضروری نہیں کہ اس نظام کے لیے حکومت یا ریاست کے اداروں کی قانون سازی کا انتظار کیا جائے۔ اپنے خاندان میں یہ نظام قائم کیا جاسکتا ہے، ایک مسجد کے نمازی اپنے قرب و جوار کے لیے یہ نظام قائم کرسکتے ہیں یا ایک بستی، ایک دفتر یا ایک کارخانے کے لوگ مل کر اس نظام کی داغ بیل ڈال سکتے ہیں وغیرہ۔ اگر اجتماعی نظام موجود نہ ہو تو پھر انفرادی طور پر تقسیم کی جاسکتی ہے تاہم یہ شرط ہے کہ ایک جگہ سے اکٹھی کی گئی زکوۃ اسی جگہ ہی تقسیم کی جائے گی۔ اور اس بستی میں مستحقین زکوۃ نہ ہوں یا دوسری بستیوں میں ہنگامی صورت حال ہو تو ایک بستی کی زکوۃ دوسری بستیوں میں بھی تقسیم کی جاسکتی ہے۔

آداب زکوۃ:

زکوۃ دیتے ہوئے درج ذیل امور کا خیال رہنا چاہیے:

1۔ حلال مال میں سے زکوۃ دی جائے:

اللہ تعالیٰ پاک ہے اور پاکیزہ مال کو پسند کرتا ہے، چنانچہ زکوۃ صرف حلال مال سے ہی ادا کی جاسکتی ہے، ظلم و جبر، زیادتی اور ناجائز و حرام ذرائع سے حاصل کیا گیا مال اور اس سے نکالی گئی زکوۃ اللہ تعالیٰ قبول نہیں کرتا۔

2۔ مال کا مالک ہو:

زکوۃ صرف مال کا مالک ہی ادا کرے گا وہ مال کسی اور کے پاس ہو تو اسکو زکوۃ ادا کرنے کا حکم نہیں ہے الا یہ کہ مالک اسے اجازت دے دے یعنی اپنے مال میں سے ہی زکوۃ ادا کی جا سکتی ہے۔

3۔ صرف اللہ کی رضا و خوشنودی مطلوب ہو:

زکوۃ سمیت تمام نیک کام صرف اللہ تعالیٰ کے لیے کرنے چاہیں، اللہ تعالیٰ کو خوش کرنے کے علاوہ تھوڑا سا بھی کوئی اور مقصد ہو تو ایسا کام مشکوک ہو جاتا ہے اس لیے کہ اللہ تعالیٰ اپنے ساتھ تھوڑا سا شرک بھی برداشت نہیں کرتا۔

4۔ احسان نہ جتلایا جائے:

زکوۃ دے احسان نہیں جتلانا چاہیے اور نہ ہی کسی طرح کی کوئی تکلیف دینی چاہیے اور نہ ہی کوئی بدلہ مانگنا چاہیے، ایسا کرنے سے سارا اجر ضائع ہو جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ ناراض ہوتا ہے۔ اللہ کے راستے میں اس طرح خرچ کرنا چاہیے کہ ایک ہاتھ سے دیں تو دوسرے کو خبر بھی نہ ہو۔ اجتماعی نظام سے زکوۃ کی تقسیم اس مقصد کو حاصل کرنے میں مدو معاون ثابت ہوسکتی ہے۔

5۔ زکوۃ اچھے مال میں دی جائے:

آپ ﷺ جب عامل زکوۃ کو بھیجتے تو اسے نصیحت فرماتے کہ نہ ہی تو بہت اچھا مال لینا اور نہ ہی بہت برا چنانچہ عامل زکوۃ مالک کے تمام جانوروں میں سے درمیانے درجے کے جانور زکوۃ کے طور پر وصول کرتا تھا۔ پس یہ آداب زکوۃ میں سے ہے کہ اللہ کے راستے میں ایسا مال دیا جائے جو قابل قبول ہو اور ایسا مال ہرگز نہ دیا جائے جو اگر خود کو ملے تو لینے سے انکار کر دے سوائے مجبوری کے۔ آج کل کرنسی نوٹ کا رواج ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ کو خوش کرنے کے لیے نوٹوں میں سے سب سے نئے اور چمکتے ہوئے کرنسی نوٹ اللہ تعالیٰ کے راستے میں دیے جائیں۔

زکوۃ کے نتائج و ثمرات

1۔ مال کی پاکیزگی:

زکوۃ کی ادائگی سے مال و دولت پاک صاف ہو جاتے ہیں۔ ہر مسلمان کی کوشش ہونی چاہیے کہ رزق حلال ہی کمایا جائے، تاہم رزق حلال کے حصول میں بھی بعض اوقات مجبوراً یا رواجاً بہت مشکل ہو جاتا ہے کہ ناپسندیدہ امور سے بچ جایا جائے، اس صورت میں اگر مشکوک رزق شامل مال ہو جائے تو زکوۃ اس سارے مال کی پاکیزگی کا باعث بن جاتی ہے۔

2۔ دولت کی محبت میں کمی اور صالح سوسائٹی کا قیام:

فطری طور پر انسان مال کی محبت میں گرفتار ہے اور یہ محبت بعض اوقات بہت زیادہ قباحتیں پیدا کرتی ہے اور انسان کو ہوس نفس کا پجاری اور لالچی و خود غرض بنا دیتی ہے، زکوۃ کی ادائگی سے انسان ایسی قربانی دیتا ہے کہ اس کے دل سے دولت کی محبت کم ہو جاتی ہے اور وہ دولت کی محبت کی قباحتوں سے بچ جاتا ہے۔

مولانا مودودیؒ لکھتے ہیں: ”قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ دو قسم کے کرداروں کو پیش کرتا ہے، ایک کردار خود غرض، زر پرست اور شائلاک قسم کے انسان کا ہے جو خدا اور خلق کے حقوق سے بے پروا ہو کر روپیہ گننے اور گن گن کر سنبھالنے اور ہفتوں اور مہینوں کے حساب سے اسکو بڑھانے اور اسکی بڑھوتری کا حساب لگانے میں منہمک ہو۔ دوسرا کردار ایک خدا پرست، فیاض اور ہمدرد انسان کا کردار ہے جو خدا اور خلق خدا دونوں کا خیال رکھتا ہو، اپنی قوت بازو سے کما کر خود کھائے اور دوسرے بندگان خدا کو بھی کھلائے اور دل کھول کر نیک کاموں میں خرچ کرے۔ پہلی قسم کا کردار خدا کو سخت ناپسند ہے، دنیا میں اس کردار پر کوئی صالح سوسائٹی نہیں بن سکتی اور آخرت میں ایسے کردار کے لیے غم و اندوہ اور کلفت و مصیبت کے سوا کچھ نہیں، بخلاف اس کے اللہ تعالیٰ کو دوسری قسم کا کردار پسند ہے اس سے دنیا میں صالح سوسائٹی بنتی ہے اور وہی آخرت میں انسان کے لیے موجب فلاح ہے“۔

3۔ گردش دولت:

زکوۃ کی ادائیگی سے معاشرے میں گردش دولت جنم لیتی ہے اور پیسہ چند ہاتھوں میں سمٹ آنے کی بجائے بہت سارے ہاتھوں میں گردش کرتا ہے اور جب پیسہ بہت سارے ہاتھوں میں گردش کرے گا تو بہت سارے لوگوں کے وہ مسائل ختم ہو جائیں گے جو رقم نہ ہونے کے باعث پیدا ہوتے ہیں۔ ”سرمایا دارانہ نظام کا پورا ڈھانچہ ایسی نہج پر کھڑا کیا گیا ہے کہ قدرتی طور پر اس میں دولت کی گردش ناہموار رہتی ہے، پورے سماج کی دولت سمٹ کر چند ہاتھوں میں مرکوز ہو جاتی ہے اور دیگر افراد معاشرہ غریب سے غریب تر ہوتے چلے جاتے ہیں۔ اسلام گردش دولت کی اس ناہمواری کا شدت سے سدباب کرتا ہے، سود کی حرمت اور نظام زکوۃ کے نفاذ کے ذریعے اس بات کا اہتمام کرتا ہے کہ دولت چند ہاتھوں میں سمٹنے کی بجائے پورے معاشرے میں گردش کرتی رہے“ (محمد نعیم عثمانی)۔

4۔ ارتکاز دولت کا خاتمہ:

گردش دولت کا لازمی نتیجہ ارتکاز دولت کا خاتمہ ہے، ارتکاز دولت کے خاتمے سے معاشرے میں کاروبار چمکتے ہیں، روزگار کھلتے ہیں اور خوشحالی آتی ہے جس سے انسانی معاشرہ ترقی کرتا ہے اور غربت و جہالت میں کمی ہوتی ہے۔ محسن انسانیت ﷺ نے فرمایا ”تین اشیا میں سب انسان برابر کے شریک ہیں آگ، سبزا اور پانی“۔ آگ سے مراد وہ سب ایندھن جن سے توانائی حاصل کی جاتی ہے، سبزہ سے مراد جنگلات اور ان میں پلنے والا شکار اور پانی سے مراد تمام آبی اور زیر زمین وسائل ہیں، حکومت ان وسائل سے حاصل ہونے والی آمدنی تمام آبادی میں برابر تقسیم کر دے تو معاشی مسلہ پیدا ہی نہ ہو اور ارتکاز دولت کا خاتمہ ہو جائے۔

5۔ طبقاتی کشمکش کا خاتمہ:

جب دولت چند ہاتھوں میں ہو تو وسائل سے محروم طبقوں میں اہل دولت کے خلاف نفرت و حقارت پرورش پاتی ہے اور معاشرتی طبقوں کے درمیان فاصلے بڑھتے ہیں اور بعض اوقات اتنے بڑھ جاتے ہیں ایک دوسرے کو برداشت بھی نہیں کرتے۔ سوشلزم اور کیمونزم کی شکل میں انسانیت نے جو تباہ کن تجربات کیے وہ اسی طبقاتی کشمکش کا نتیجہ تھے۔ اسکے برعکس زکوۃ امیر اور غریب کے درمیان فاصلے کم کر کے کشمکش کی بجائے پیار و محبت کو پروان چڑھاتی ہے۔ محسن انسانیت ﷺ نے فرمایا ”جن کے پاس قوریا طاقت (سواری) کا سامان اپنی حاجت سے زیادہ ہو اسے چاہیے کہ وہ فاضل سامان اس محتاج کو دے دے جس کے پاس کچھ نہیں، جس شخص کے پاس اشیائے خورد و نوشت ضرورت سے زائد ہوں وہ اپنا فاضل سامان محتاج کو دے دے، حضرت ابو سعید خدری فرماتے ہیں اس طرح محسن انسانیت ﷺ مختلف انواع مال کا ذکر کرتے رہے حتیٰ کہ ہم نے گمان کر لیا کہ ہم میں سے کسی شخص کو اپنے فاضل مال پر کسی قسم کا کوئی حق نہیں“۔

7۔ غربت جہالت اور جرائم میں کمی اور اقتصادی توازن:

پیٹ بھر جائے تو بچہ آرام کی نیند سوتا ہے اور پیٹ خالی ہو تو وہ معصوم بھی سارا گھر سر پر اٹھا لیتا ہے اسی طرح جس معاشرے میں بنیادی ضروریات جن میں خوراک، صحت اور تعلیم شامل ہیں پوری ہوتی رہیں تو وہاں امن و امان رہتا ہے اور جہاں ایک طرف تو امیر لوگوں کے جانور بھی عیش و آرام اور سکون کی نیند سوئیں اور دوسری طرف انسانوں کی بنیادی ضروریات بھی پوری نہ ہوں پھر وہاں غربت جہالت اور انکے نتیجے میں جرائم بڑھ جاتے ہیں جبکہ زکوۃ کا فریضہ انسانی معاشرے کو اس برے انجام سے محفوظ رکھتا ہے۔ محسن انسانیت ﷺ نے فرمایا ”ایک علاقے کے امرا سے زکوۃ وصول کر کے اسی علاقے کے غرباء میں تقسیم کرو“۔

ماہر القادری لکھتے ہیں: ”اس حکم پر عمل کرنے سے ایک بستی میں اقتصادی توازن پیدا ہو گا اور امیروں کی زکوۃ پر غربا اپنی روزمرہ زندگی کی بنیاد رکھیں گے اور اپنی ہمت و توانائیوں سے محنت و مزدوری کر کے تو اس قابل ہو سکیں گے کہ زکوۃ دینے کے قابل ہو سکیں چنانچہ معاشی عدم توازن سے پیدا ہونے والی طبقاتی کشمکش کا سدباب ہو سکے گا۔ یہ نکتہ کارل مارکس اور انجلز کی سمجھ میں آ جاتا تو وہ ایک غیر فطری فلسفہ اقتصادیات میں اپنی توانائیاں ضائع نہ کرتے“۔

8۔ زکوۃ ادا کرنے سے مال بڑھتا ہے:

قرآن میں اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ جو اسکے راستے میں خرچ کرے گا اللہ تعالیٰ اسے بڑھا چڑھا کر اس دنیا میں بھی دے گا اور آخرت میں بھی دے گا اور اللہ تعالیٰ سے بڑھ کر اور کون اپنا وعدہ پورا کرنے والا ہے؟ قرآن نے یہ بھی بتایا کہ صدقات سے بظاہر دولت کم ہوتی نظر آتی ہے لیکن اصل میں بڑھ رہی ہوتی ہے اور سود سے بظاہر دولت بڑھتی ہوئی نظر آتی ہے جبکہ حقیقت میں کم ہو رہی ہوتی ہے اور قرآن سے زیادہ سچی کتاب اس زمین کے سینے پر موجود نہیں۔ محسن انسانیت ﷺ کے ہاں ایک بار بکری ذبح ہوئی، گھر تشریف لائے تو پوچھا (بکری میں سے) کیا بچا ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا ایک دستی بچی ہے (باقی غریبوں میں تقسیم کر دیا تھا) آپ ﷺ نے فرمایا یوں کہو کہ ایک دستی خرچ ہو گئی ہے جو (غریبوں میں) تقسیم کر دیا ہے وہ بچ گیا ہے۔ اسی طرح ایک بار اپنے مقدس و محترم ساتھیوں سے پوچھا کس کو اپنا مال پسند ہے اور کس کو اپنے وارث کا مال پسند ہے؟ سب نے جواب دیا کہ ظاہر ہے ہر کسی کو اپنا مال ہی پسند ہے بھلا وارث کا مال کسے پسند ہو؟ آپ ﷺ نے فرمایا جو اللہ تعالیٰ کے راستے میں دے دو گے وہ تمہارا ہے اور جو بچا کے رکھ چھوڑو گے وہ تمہارے وارث کا ہے۔

9۔ اجتماعی فکر:

محسن انسانیت ﷺ نے زکوۃ کو ایک سرکاری ادارے کی حیثیت سے متعارف کرایا اور اسکی تقسیم کا اجتماعی انتظام کیا تا کہ فرد، فرد کا احسان مند ہو کر اپنی عزت نفس ختم کرنے کی بجائے فرد معاشرے کا احسان مند ہو۔

ابوالکلام آزاد لکھتے ہیں ”اسلامی نظم معیشیت میں بلاشبہ زیادہ کمانے والے موجود ہوں گے کیونکہ سعی و کسب کے بغیر کوئی مومن زندہ نہیں رہ سکتا، لیکن جو فرد جتنا زیادہ کمائے گا اتنا ہی زیادہ انفاق پر بھی مجبور ہو گا اور اس لیے افراد کی کمائی جتنی بڑھتی جائے گی اتنا ہی زیادہ انفاق پر بھی مجبور ہو گا اور اس لیے افراد کی کمائی جتنی بڑھتی جائے گی جماعت بحیثیت جماعت کے خوشحال ہوتی جائے گی“۔

ایک مسلمان جب اپنے مال میں سے زکوۃ کی رقم لے کر باہر نکلتا ہے تا کہ کسی غریب کی ضرورت کو پورا کرے تو اس وقت وہ اللہ تعالیٰ سے جتنا قریب ہوتا ہے اسکا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ وہ غریبوں کی دعائیں لیتا ہے، انکی ہمدردیاں سمیٹتا ہے، انکی عزت و احترام کا مستحق ٹھہرتا ہے اور معاشرے سے جتنی محبتیں اسے میسر آتی ہیں اس کو ناپنے کا کوئی پیمانہ موجود نہیں ہے چنانچہ اس شخص سے اللہ تعالیٰ اپنا وعدہ پورا کرتا ہے اور اسکے مال خرچ کرنے کے نتیجے میں اسکے گناہ معاف کر دیتا ہے۔

10۔ رضائے الٰہی:

یہ سب سے بڑا فائدہ ہے جو زکوۃ ادا کرنے والے کو حاصل ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سے خوش ہو جاتا ہے، اسے اپنا قرب عطا کرتا ہے، اسکے درجات بلند کرتا ہے، اسے گناہوں سے پاک صاف کر دیتا ہے، اسکے معاملات اپنے ہاتھ میں لے لیتا ہے، اسکی سرپرستی و دست گیری فرماتا ہے، مشکل وقت میں اسکو اکیلا نہیں چھوڑتا، اسکے دوستوں کو اپنا دوست بناتا ہے اور اسکے دشمنوں کو سخت سزا دیتا ہے، خوف اور غم سے اسکی حفاظت کرتا ہے اسے اپنے اولیا میں شامل کرتا ہے اس پر اپنی رحمتوں کی بارش کرتا ہے اس پر اپنے خزانوں کے منہ کھول دیتا ہے اور اسے مزید توفیق عطا کرتا ہے کہ وہ انسان اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرتا چلا جائے۔ یہاں تک کہ وہ زکوۃ ادا کرنے والا اپنے رب کے حضور پیش ہوتا ہے تو حیران رہ جاتا ہے کہ اس کے رب نے اس کے لیے کیسی عالیشان جنت تیار کر رکھی ہے۔

Show Biz
شوبز کارنر

ابھیشیک بچن اپنی فلم ”دسوی“ کو ناکام کہنے پر صحافی پر برہم

ابھیشیک بچن کی بات پر صحافی کو اپنی غلطی کا احساس ہوا اور اس نے ابھیشیک سے معافی مانگ لی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار ابھیشیک بچن اس وقت ناراض ہو گئے جب ایک صحافی نے ان کی آنے والی فلم ”دسوی“ کو ناکام کہہ دیا۔ ابھیشیک بچن اداکارہ یامی گوتم اور نمرت کور کے ہمراہ اپنی فلم ”دسوی“ کی خوب زور و شور سے تشہیر کرنے میں مصروف ہیں اور اسی سلسلے میں یہ تینوں اداکار مختلف ایونٹس میں شرکت کر رہے ہیں۔ ممبئی میں فلم کی اسپیشل اسکریننگ منعقد کی گئی جس میں تینوں اداکاروں نے شرکت کی۔ فلم کی اسکریننگ کے بعد جب تمام اداکار واپس جانے لگے تو صحافیوں نے ابھیشیک بچن کو گھیر لیا۔

عالیہ بھٹ ایک فلم کا 15 کروڑ معاوضہ وصول کرتی ہیں

اداکارہ اپریل کی 17 تاریخ کو شادی کے بندھن میں بندھ جائیں گے

ممبئی (این این آئی) آئندہ چند دنوں میں شادی کے بندھن میں بندھنے والی بالی ووڈ جوڑی عالیہ بھٹ اور رنبیر کپور کی زندگی کے کچھ دلچسپ پہلو زبان زد عام ہیں۔ جہاں ان دونوں کو لے کر دیگر موضوعات پر گفتگو جاری ہے وہاں ان کی فلموں کے معاوضے کو کیسے نظر انداز کیا جا سکتا ہے؟ اداکارہ عالیہ بھٹ بالی وڈ کے کامیاب ہدایتکار مہیش بھٹ کی صاحبزادی ہیں اور اس میں کوئی شک نہیں کہ وہ اس وقت بالی وڈ کی صفِ اول کی اداکارہ ہیں جس کا ثبوت انہوں نے اپنی حال ہی میں ریلیز ہونے والی فلم گنگو بائی کاٹھیاواڑی میں اداکاری سے دیا۔

سارہ کی والدین سیف اور امریتا سنگھ سے غیر معمولی مشابہت

سارہ نے اپنے بالی ووڈ کیریئر کا آغاز 2018 میں فلم کیدار ناتھ سے کیا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے چھوٹے نواب سیف علی خان کی بیٹی اداکارہ سارہ علی خان کا کہنا ہے کہ وہ اور ان کے چھوٹے بھائی ابراہیم علی خان اپنے والدین امریتا سنگھ اور سیف علی خان سے کس قدر مشابہت رکھتے ہیں اس حوالے سے اکثر گھر میں گفتگو ہوتی ہے۔ اس حوالے سے سوشل میڈیا پر بھی متعدد میمز اور پوسٹ ہوتی ہیں جن میں کہا جاتا ہے کہ دونوں بہن بھائی اپنے والدین کی نوجوانی سے مشابہت رکھتے ہیں۔ ایک حالیہ انٹرویو میں سارہ علی خان نے اس غیر معمولی مشابہت کو تسلیم کرتے ہوئے کہا کہ یہ نارمل نہیں۔

کیا واقعی مولانا فضل الرحمٰن صاحب صدر پاکستان بن سکتے ہیں

شائستہ لودھی کی نجی ٹی وی کے پروگرام ’پیارے رمضان‘ میں شرکت

کراچی (این این آئی) معروف پاکستانی اداکارہ اور میزبان شائستہ لودھی نے نجی ٹی وی کے پروگرام ’پیارے رمضان‘ میں شرکت کی اور ہوسٹ رابعہ انعم کے مختلف سوالات کے دلچسپ جوابات دیے۔ پروگرام کی میزبان نے شائستہ لودھی سے مختلف سوالات کیے جن میں سب سے پہلے اُن سے پوچھا گیا کہ اگر کچھ شخصیات کے گھر آپ کو جانے کا موقع ملے تو ساتھ کیا لے کر جائیں گی۔ بلاول بھٹو کا نام سن کر شائستہ لودھی نے مٹھائی لے جانے کا کہا جبکہ نواز شریف کے گھر دستانے، اداکارہ وینا ملک کے گھر خوشبو اور شیخ رشید کے گھر مزے دار کھانا لے جانے کا ارادہ ظاہر کیا۔

گول روٹی بنالی! کیا اب میرا رشتہ ہوسکتا ہے؟ دنانیر

کراچی (این این آئی) انٹرنیٹ پر مختصر ویڈیو کے ذریعے وائرل ہونے والی وی لاگر و اداکارہ دنانیر مبین نے گول روٹی بنا کر مداحوں سے شادی سے متعلق سوال کر لیا۔ حال ہی میں دنانیر نے اپنے آفیشل انسٹاگرام اکاؤنٹ پر خصوصی اسٹوری شیئر کی جو کہ سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز پر تیزی سے وائرل ہو رہی ہے۔ دنانیر نے اپنی انسٹاگرام اسٹوری میں گول روٹی کی تصویر شیئر کی جو کہ اُنہوں نے خود اپنے ہاتھوں سے بنائی۔ نوجوان اداکارہ نے اپنی اسٹوری کے کیپشن میں بتایا کہ اُنہوں نے گول روٹی بنانے کی کوشش کی۔ اُنہوں نے اپنے چاہنے والوں سے مخاطب ہوتے ہوئے پوچھا کہ کیا اب میرا رشتہ ہو سکتا ہے؟

کنگنا رناوت کی نظر بالآخر کلی پال پر پڑ گئی

سوشل میڈیا اسٹار کلی پال کی ویڈیو دیکھی، جو اُن ہی پر فلمائے گئے فلمی گانے پر مبنی تھی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کوئین کنگنا رناوت کو ان کی فلم ’ونس اپان آ ٹائم ان ممبئی‘ کا گانا نئے انداز میں دیکھنے کو ملا تو وہ اسے شاندار کہے بغیر نہ رہ سکی۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق کنگنا رناوت نے افریقی ملک تنزانیہ کے سوشل میڈیا اسٹار کلی پال کی ویڈیو دیکھی، جو اُن ہی پر فلمائے گئے فلمی گانے پر مبنی تھی۔ الو ارجن پر ٹریفک پولیس نے کتنا جرمانہ لگایا؟ بالی ووڈ کوئین کی نظر بالآخر کلی پال کے گانے پر پڑ گئی، جس کی انہوں نے خوب تعریف کی اور اسے بہت شاندار تک کہہ دیا۔ انسٹاگرام پر کلی پال کے 3 ملین سے زائد فالوورز ہیں۔

عروج آفتاب نے گریمی ایوارڈز حاصل کرلیا

جس کے بعد وہ یہ ایوارڈ جیتنے والی پہلی پاکستانی بن گئی ہیں



بروکلین (این این آئی) بروکلین میں مقیم پاکستانی نژاد گلوکارہ عروج آفتاب نے اپنا پہلا گریمی ایوارڈ حاصل کر لیا ہے، جس کے بعد وہ یہ ایوارڈ جیتنے والی پہلی پاکستانی بن گئی ہیں۔ جس چیز نے دیکھنے والوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کروائی وہ صرف گولڈن گریمی ایوارڈ ہی نہیں تھا جو انہوں نے پہلی بار حاصل کیا بلکہ سنہری بروچ کے ساتھ ایک لمبی وانکیٹ جیکٹ اور ایک چمکدار بلاؤز کے ساتھ اُن کا پرکشش لباس بھی لوگوں کو توجہ کا مرکز بنا۔ لاس ویگاس میں سالانہ ایوارڈز کا انعقاد کیا گیا جس میں اولیویا روڈریگو، دعا لیپا، میگن تھی اسٹالین اور بی ٹی ایس سمیت کئی ستاروں نے ریڈ کارپٹ پر واک کی اور ایوارڈز بھی جیتے۔ ان ستاروں کے چمکدار اور ملائم لباس نے بہترین ملبوسات کی فہرست میں جگہ بنائی۔

SPORTS
کھیل کھلاڑی

اب کسی بورڈ کے پاس اپنی ٹیم پاکستان نہ بھیجنے کا جواز نہیں، رمیز راجہ

آسٹریلیا کیخلاف سیریز کو کامیاب بنانے کیلئے کافی راتیں جاگ کر گزاریں، چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ

جب تک پچز ٹھیک نہیں ہوتی، بیٹنگ ٹھیک نہیں ہوگی، سیزن ختم ہوا ہے اب وکٹوں پر کام کریں گے، بیان

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے چیئرمین رمیز راجہ نے کہا ہے کہ آسٹریلوی ٹیم کے دورہ کرنے کے بعد اب کسی بورڈ کے پاس اپنی ٹیم پاکستان نہ بھیجنے کا جواز نہیں۔ ایک ویڈیو بیان میں گفتگو کرتے ہوئے رمیز راجہ نے کہا کہ کپتان کو مکمل اختیار دیا ہوا ہے، چیزیں ٹھیک ہو رہی ہیں، لوگوں کی توقعات بڑھ گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ویمنز پی ایس ایل کا پہلا ایڈیشن فروری میں کرانیکی کوشش کریں گے۔ رمیز راجہ نے کہا کہ مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آسان ہو گئیں، اندازہ نہیں تھا کہ چیئرمین بنتے ہی نیوزی لینڈ کی ٹیم والا واقعہ ہو جائے گا، انگلینڈ اور نیوزی لینڈ کے فیصلے کے بعد معلوم نہ تھا کہ کیا ہو گا جبکہ آسٹریلیا کیخلاف سیریز کو کامیاب بنانے کیلئے کافی راتیں جاگ کر گزاریں۔ چیئرمین پی سی بی نے کہا کہ ٹی ٹوئنٹی کے مزاج کی وجہ سے لوگ ٹیسٹ کرکٹ میں تحمل نہ دکھا سکے، مدتوں بعد ایک کوالٹی ٹیم کیخلاف ہوم گراؤنڈ پر ٹیسٹ سیریز کھیلی۔ انہوں نے کہا کہ پوری دنیا کی نظریں آسٹریلیا کی سیریز پر تھیں، آسٹریلیا سے جو صحافی آئے وہ بھی اچھے پیغامات لے کر گئے ہیں، اب کسی ملک کے پاس جواز نہیں کہ پاکستان کا دورہ نہیں کرے۔ رمیز راجہ نے کہا کہ آسٹریلین کرکٹرز کو بھی احساس تھا کہ وہ پاکستان کیلئے اپنا حصہ ڈال سکیں، لوگوں نے آسٹریلیا کا دورہ خراب کرنے کی کوشش کی مگر آسٹریلینز نے بڑے پن کا مظاہرہ کیا۔

’زیادہ کوچ بننے کی ضرورت نہیں ہے‘ سرفراز نے اپنی اہلیہ کو کیوں ڈانٹا؟

سرفراز احمد حال ہی میں اپنی بیوی سیدہ خوش بخت اور بیٹے عبداللہ کے ہمراہ ندا یاسر کے مارننگ شو میں شریک ہوئے

کراچی (اے ایف پی) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان سرفراز احمد کی ان کی اہلیہ خوش بخت کے ساتھ دیئے گئے انٹرویو کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے جس میں وہ اپنی بیوی پر غصہ کرنے کی وجہ بتا رہے ہیں۔ سرفراز احمد حال ہی میں اپنی بیوی سیدہ خوش بخت اور بیٹے عبداللہ کے ہمراہ ندا یاسر کے مارننگ شو میں شریک ہوئے جہاں انہوں نے ندا یاسر کے ساتھ ایک انتہائی دلچسپ واقعہ شیئر کیا جب انہوں نے اپنی بیوی کو اس وقت بہت بری طرح سے ڈانٹ دیا تھا جب خوش بخت نے انہیں کرکٹ پر توجہ مرکوز رکھنے کا مشورہ دیا تھا۔ میزبان کے سوال پر خوش بخت نے بتایا کہ ہم دونوں کرکٹ پر بات نہیں کرتے کیونکہ نہ انہیں (سرفراز) کو کرکٹ پر بات کرنا پسند ہے اور نہ مجھے۔ اسی موقع پر سرفراز نے ماضی کا ایک دلچسپ قصہ بیان کرتے ہوئے کہا، یہ شروع کا واقعہ ہے جب ہماری بات پکی ہوئی تھی میں ساؤتھ افریقا گیا ہوا تھا، میرا پہلا دورہ تھا وہاں ذرا باؤنسی وکٹ ہوتی ہیں اور ساؤتھ افریقا کی ٹیم بھی بہت ٹاپ کی تھی۔ سرفراز نے کہا میں وہاں بیٹنگ کرنے گیا لیکن مجھ سے رنز نہیں بنے اور پرفارمنس نہیں ہوئی جس کی وجہ سے میں ٹیم سے باہر ہو گیا تو انہوں نے (خوش بخت) نے مجھے کہا کہ آپ ذرا بیٹنگ پر دھیان دیں اور فوکس کریں۔ میں نے خوش بخت کو بولا ”آج تو یہ بول دیا ہے۔“



پی سی بی کا پہلی مرتبہ کلب اسکروٹنی کا عمل آؤٹ سورس کرنے کا فیصلہ

پی سی بی نے خواہش مند فرموں سے 15 اپریل تک بڈ مانگ لی اشتہار بھی جاری کر دیا ہے

لاہور (اے ایف پی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے ملکی تاریخ میں پہلی مرتبہ کلب اسکروٹنی کا عمل آؤٹ سورس کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ پی سی بی نے خواہش مند فرموں سے 15 اپریل تک بڈ مانگ لی۔ پی سی بی نے کلب اسکروٹنی کی بڈ کے لیے باقاعدہ اشتہار بھی جاری کر دیا ہے۔ ملک بھر میں کسی فرم کو کسی کھیل میں کلب اسکروٹنی کا تجربہ نہیں ہے۔ اسکروٹنی کا ٹینڈر حاصل کرنے والی فرم کا کام کلبز کے دستاویزات کی جانچ کرنا ہو گا۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی شعبہ ڈومیسٹک کرکٹ کے اہلکار مذکورہ فرم کو معاونت فراہم کریں گے۔

جوش انگلس کو پہلی بار کرکٹ آسٹریلیا کا سینٹرل کنٹریکٹ مل گیا

آسٹریلیا (اے ایف پی) کرکٹ آسٹریلیا نے کھلاڑیوں کی نئی سینٹرل کنٹریکٹ لسٹ جاری کر دی۔ پاکستان کا دورہ کرنیوالے جوش انگلس ترقی پا کر پہلی بار فل کنٹریکٹ پانے میں کامیاب ہوئے ہیں۔ سینٹرل کنٹریکٹ فہرست میں آشٹن ایگر، اسکاٹ بولینڈ، ایلیکس کیری، پیٹ کمنز، ایرون فنچ، کیمرون گرین، جوش ہیزل ووڈ، ٹریوس ہیڈ، جوش انگلس، عثمان خواجہ، مارنس لابوشین، نیتھن لائن، مچل مارش، گلین میکسویل، اسٹیو اسمتھ، مچل اسٹارک، مارکس اسٹوئنس، مچل سیویسن، ڈیوڈ وارنر اور ایڈم زمپا شامل ہیں۔ یہ کنٹریکٹ بارہ ماہ کے لیے دیئے گئے ہیں۔

انگلش پریمیئر لیگ میں 9 اپریل کو مزید 6 میچوں کا فیصلہ ہوگا

پریمیئر فٹ بال لیگ کے دلچسپ مقابلے انگلینڈ میں جاری ہیں

لندن (اے ایف پی) انگلش پریمیئر لیگ میں 9 اپریل کو مزید 6 میچ کھیلے جائیں گے۔ پریمیئر فٹ بال لیگ کے دلچسپ مقابلے انگلینڈ میں جاری ہیں۔ انگلش پریمیئر لیگ میں 9 اپریل کو کھیلے جانے والے پہلے میچ میں نیو کیسل یونائیٹڈ اور وولور ہیمپٹن کی ٹیمیں سینٹ جیمز پارک، نیو کیسل کے مقام پر نبرد آزما ہوں گی، دوسرا میچ ایورٹن اور مانچسٹر یونائیٹڈ کی ٹیموں کے درمیان گڈیسن پارک، لیور پول میں کھیلا جائے گا، تیسرے میچ میں آرسنل اور برائٹن اینڈ ہوو البیون کی ٹیمیں ایمریٹس سٹیڈیم، لندن میں آمنے سامنے ہوں گی۔

دنیا میں کھیلوں کے ذریعے امن کا پیغام دیا جاسکتا ہے۔ صباح شمیم جدون

اسلام آباد (اے ایف پی) پاکستان تائیکوانڈو فیڈریشن (خواتین ونگ) کی صدر صباح شمیم جدون نے کہا ہے کہ دنیا میں کھیلوں کے ذریعے امن کا پیغام دیا جا سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گذشتہ روز کھیلوں کے عالمی دن کے موقع پر کیا۔ انہوں نے کہا کہ کھلاڑی قوم کا سرمایہ اور ملک کے سفیر کا درجہ رکھتے ہیں اور ان کی حوصلہ افزائی کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

خوشی ہے اب کچھ عرصے تک بابر اعظم کو بولنگ نہیں کرانا پڑے گی، ایرون فنچ

بابر اعظم کی اس انداز میں تعریف کی کہ شائقین کرکٹ کے لبوں پر مسکراہٹیں بکھر گئیں

لاہور (اے ایف پی) آسٹریلوی کپتان ایرون فنچ نے کہا ہے کہ خوشی ہے کہ ہمیں اب کچھ عرصے تک بابر اعظم کو بولنگ نہیں کرانا پڑے گی۔ آسٹریلوی کپتان ایرون فنچ نے پاکستانی کپتان کے کھیل کی انوکھے انداز میں ستائش کر دی، گزشتہ دنوں سیریز کے واحد ٹی ٹوئنٹی میں فتح کے بعد جب ایرون فنچ کو مین آف دی میچ کا ایوارڈ دیا گیا تو اس موقع پر انہوں نے بابر اعظم کی اس انداز میں تعریف کی کہ شائقین کرکٹ کے لبوں پر مسکراہٹیں بکھر گئیں۔ یاد رہے کہ ایڈم زیمپا اور جوش انگلس نے بھی سوشل میڈیا پر اپنے پیغامات میں بابر اعظم کے ساتھ محمد رضوان اور شاہین شاہ آفریدی کیلئے اسی طرح کے تعریفی کلمات کہے ہیں۔

بقیہ 1

میں حلف لیں گے، حمزہ شہباز نے بیوروکریٹس کی میٹنگ بھی آج بلالی ہے اور آئین ان لوگوں کے لیے انتہائی معمولی سی بات ہے۔ وکیل مسلم لیگ ن نے کہا کہ ارکان صوبائی اسمبلی عوام کے نمائندے ہیں اور عوامی نمائندوں کو اسمبلی جانے سے روکیں گے تو وہ کیا کریں؟ جسٹس مظہر عالم نے ریمارکس دیے کہ کل پنجاب اسمبلی کے دروازے سیل کر دیے گئے تھے، کیا اسمبلی کو اس طرح سیل کیا جا سکتا ہے؟ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ قومی اسمبلی کے کیس سے توجہ نہیں ہٹانا چاہتے، جس کے بعد چیف جسٹس نے اعظم نذیر تارڑ اور ایڈووکیٹ جنرل پنجاب کو روسٹرم سے ہٹادیا۔

بقیہ 2

کے چہرے پر مسکراہٹ تھی، ہمیں آئین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے فیصلہ جاری کرنے دیں، معلوم ہے کہ بلاول بھٹو کی 3 نسلوں نے جمہوریت کی بقا کیلئے قربانی دی ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ اپنے لیے حکومت بنانا ہماری ترجیح نہیں ہے، ڈپٹی اسپیکر کی رولنگ غیر آئینی ہے، حکومت بنا کر انتخابی اصلاحات کرنا چاہتے ہیں، انتخابی اصلاحات پر بل تیار ہے۔

بقیہ 3

اسکیموں کے پلاٹس اصل مالکان کو نہیں دیے جا سکے۔ جسٹس سید حسن اظہر رضوی نے کہا کہ اس شہر کا اللہ ہی حافظ ہے۔ چالیس سال پرانی اسکیم ہے، آج تک اصل مالکان کو قبضہ نہیں دیا۔ کے ڈی اے قبضہ مافیا کو سپورٹ کر رہا ہے۔ عدالت نے کے ڈی حکام پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قبضہ مافیا کے بجائے عوام کے لیے کام کرو۔ صورتحال یہ بنادی گئی کہ پولیس تک قبضہ نہیں چھڑا سکتی۔ عدالت نے کے ڈی اے حکام سے مکالمے میں کہا کہ کیا کرنا ہے، کیا نہیں کرنا، خود فیصلہ کریں۔ شہر کو عذاب بنایا گیا۔ شہر کے اندر ایسی صورتحال پیدا کر دی کہ قبضہ نہیں ہٹوایا جا سکتا۔ جسٹس سید حسن اظہر رضوی نے کہا کہ آپ لوگ لینڈ مافیا کو موقع دے رہے ہیں کہ قبضہ پکا کرلو۔ اگر بروقت قبضے اصل مالکان کو دیتے تو آج غیر قانونی قبضے نہ ہوتے۔ قبضے ختم کرانے کے کیے ڈی اے کیا کر رہا ہے؟ عدالت نے مزید ریمارکس دیے کہ کے ڈی اے کی آخری اسکیم ہاکس بے کی آئی۔ ہاکس بے کا بھی کیا حال کر رکھا ہے؟ اگر عمل درآمد نہ ہوا تو آئندہ سماعت پر ڈی جی کے ڈی اے پیش ہوں۔

بقیہ 4

ارکان پورے ہیں وہ 500 کا دعویٰ کریں، دعویٰ تو وہ کتنے سالوں سے کر رہے ہیں، چوہدری شجاعت، پرویز الٰہی نیکہا بھی شریفوں پر اعتبار نہ کرنا۔ انھوں نے کہا کہ شریف برادران کرپشن میں پھنسے ہوں تو فرش، باہر ہوں تو عرش پر ہوتے ہیں، ووٹ کو عزت دو تو دوسری طرف باقی ووٹ کس کے ہیں۔ شریفوں سے متعلق ق لیگی رہنما کا کہنا تھا کہ پرویز مشرف نے پرویز الٰہی کو کہا شریفوں کی شوگر ملیں چل رہی ہیں، پرویز الٰہی، چوہدری شجاعت نیمل کرمشرف کو کنونس کیا لیکن جب شریف حکومت میں آئے ہمارے خلاف کیسز بنانا شروع کردیے، پوری امید ہے دوبارہ اگر اقتدار میں آئے تو پھر سے پرانی حرکتیں کریں گے۔ زرداری کے حوالے سے مونس الٰہی نے کہا کہ آصف زرداری سے ہمارے غیر معمولی تعلقات ہیں اور رہیں گے، علیم خان نے کہا نیب کیسز تھے، وہ بچوں کی طرح رونا چھوڑ دیں، نیب کیس ہم پر بھی تھے، کیس لڑیا اور عدالتوں سے بری ہوئے۔ جہانگیر ترین سے متعلق ان کا کہنا تھا کہ جہانگیر ترین کے ساتھ زیادتی عمران خان نے نہیں کی، جنھوں نے زیادتی کی وہ اب پارٹی میں نہیں ہیں۔ چوہدری سرور میرے بڑے ہیں، ان سے اچھے تعلقات رکھنا چاہتے ہیں۔

بقیہ 5

کے مطابق چوہدری رضا نصر اللہ گھمن کو ضلع فیصل آباد کا صدر اور چوہدری تیمور علی جنرل سیکرٹری ہوں گے۔ رانا آفتاب احمد، عادل پرویز، ملک عمر فاروق سینئر نائب صدور جبکہ ثناء اللہ گوری ایڈیشنل جنرل سیکرٹری مقرر کیے گئے ہیں۔ رانا آفتاب احمد صدر ضلع ساہیوال، ملک فیصل جلال ڈھکو جنرل سیکرٹری، راؤ محمد اسلم خان سینئر نائب صد ل سید رضوان مظفر ایڈیشنل جنرل سیکرٹری، حاجی عبدالغفار اور محمد وقاص ڈپٹی جنرل سیکرٹریز، رانا انیس الرحمٰن سیکرٹری فنانس اور حافظ قیصر محمود سیکرٹری اطلاعات ہوں گے۔ چوہدری سلیم سرور جوڑا کو ضلع گجرات کا صدر، مبین اختر حیات کو جنرل سیکرٹری مقرر کر دیا گیا۔ سیکرٹری اطلاعات مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ قوی امید ہے تمام عہدیدار تحریک انصاف کی مضبوطی کے لئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گے۔

بقیہ 6

سے مسلم لیگ (ن) کے اراکین اسمبلی پہنچے تھے تاہم انہیں تحریک جمع کرانے سے روک دیا گیا تھا جس کے بعد وہ واپس لوٹ گئے تھے۔ یاد رہے کہ اپوزیشن جماعتوں نے پنجاب اسمبلی میں 200 ارکان کی حمایت کا اعلان کر رکھا ہے، ایک روز قبل نجی ہوٹل میں پنجاب اسمبلی کے 200 ارکان حمزہ شہباز کو وزیراعلیٰ بنانے کے لیے اپنی حمایت سامنے لا چکے ہیں۔

بقیہ 7

کا باعث بن سکتا ہے۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کا کہنا تھا کہ صوبہ بھر میں عوام تک اچھی اور معیاری خوراک پہنچانے کیلئے فوڈ سیفٹی ٹیمیں روزانہ 1500 سے زائد کارروائیاں کرتی ہیں۔ فوڈ انڈسٹری کو خوراک کی تیاری سے فروخت تک تمام عمل کو قوانین کے مطابق انجام دینے کا پابند کیا جاتا ہے۔ شعیب خان جدون کا مزید کہنا تھا کہ بیماریوں سے بچنے اور خود کو صحت مند رکھنے کیلئے غذائیت سے بھر پور خوراک کا استعمال انتہائی لازم ہے۔ عوام کی فلاح اور مکمل راہنمائی کیلئے ہفتے میں 2 بار غذا کی بات کے نام سے فیس بک لائیو شو کیا جاتا ہے۔ ماہرین غذائیات بہتر خوراک کے چناؤ کے حوالے سے مفید مشورے اور سوالات کے جواب دیتی ہیں۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی نے ہر ضلعی دفتر میں فری چیک اپ اور راہنمائی کیلئے نیوٹریشن کلینکس بھی قائم کر رکھے ہیں۔ غذائیت سے بھر پور خوراک کا استعمال ہی بہتر صحت کی ضمانت ہے۔ انہوں نے عوام سے گزارش کی ہے کہ مصنوعی اشیاء کی بجائے ہمیشہ تازہ اور صحت افزاء خوراک کا انتخاب کریں۔ اپنے اردگرد کڑی نظر رکھیں، ملاوٹ اور جعلساز مافیا کی نشاندہی میں فوڈ اتھارٹی کا ساتھ دیں۔ کسی بھی شکایت کی صورت میں فیس بک یا ٹال فری نمبر پر اندراج کروائیں۔

بقیہ 8

آئی جی طاہر محمود قریشی، چیف انجینئر شاہرات، چیف انجینئر برقیات، چیف انجینئر پی پی ایچ سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں وزیراعظم کو بریفنگ دیتے ہوئے کمشنر مظفرآباد نے بتایا کہ ضلع نیلم میں 37 محکمہ جات میں کل 4212 ملازمین ہیں جن میں 40 ملازمین ایسے ہیں جو تنخواہ سرکار سے لیتے ہیں اور حاضر نہیں ہیں جبکہ محکمہ تعلیم میں 68 ملازمین گھوسٹ ہیں جن کا کوئی ریکارڈ ہی موجود نہیں۔ جس پر وزیراعظم سردار عبدالقیوم نیازی نے سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ گھوسٹ اور غیر حاضر ملازمین کی تنخواہیں فوری طور پر بند کی جائیں، دوسرے مرحلے میں ان کو نوٹسز جاری کیے جائیں جبکہ تیسرے مرحلے میں ان کے خلاف ایف آئی آرز کا اندراج کروا کر معاملہ احتساب بیورو کو بھیجا جائے۔ اجلاس میں محکمہ صحت عامہ کے حوالہ سے بتایا گیا کہ ضلع نیلم میں کل 20 بنیادی مراکز صحت ہیں جن میں سے 11 میں ڈاکٹرز ہی موجود نہیں، کچھ بنیادی صحت کے مراکز پر ڈاکٹرز تعینات ہیں لیکن حاضر نہیں اور تنخواہ لے رہے ہیں۔

بقیہ 9

ہے اس کو حساب دینا ہوگا مہنگائی بیروزگاری اور لاقانونیت کی وجہ لوگ بھوک اور فلاس سے مر رہے ہیں پر اس کو اپنی کرسی بچانے کی پڑی ہے اسے ملک وقوم کی کوئی فکر نہیں ہے یہ آئین توڑنے کے مجرمین کا سرغنہ اور سرپرست ہیں اس کی سزا آئین میں واضح ہے۔

بقیہ 10

رہے تو حالات مزید گھمبیر ہو جائیں گے

بقیہ 11

بعد تجاوزات کیخلاف بڑا آپریشن کر ڈالا کمشنر راولپنڈی کے اچانک دورہ کے بعد اینٹی انکروچمنٹ کمیٹی کے ہمراہ بازار سے تجاوزات کے خاتمے کیلیے دوڑیں لگا دیں متعدد دکانوں کا سامان ضبط کر کے بلدیہ دفتر پہنچا دیا گیا جبکہ بلدیہ ملازمین کی ایک شعبے سے دوسرے شعبے میں تقرریاں بھی کی گئیں چیف آفیسر بلدیہ کا کہنا ہے کہ دکاندار از خود تجاوزات ختم کر دیں جو چار فٹ کی گنجائش دی تھی وہ بھی ختم اب جو بھی ناجائز تجاوزات کرے گا سخت ایکشن ہوگا بھاری جرمانے اور سامان ضبط ہوگا راستہ شاہراہ عام کو بلاک کرنے کی صورت میں مقدمات درج کرائے جائیں گے۔

بقیہ 12

جس میں وہ تمام شواہد اور دستاویزات جج صاحبان کے سامنے رکھی جائیں جن کی بنیاد پر سپیکر اس نتیجے پر پہنچے کہ پاکستان میں حکومت بدلنے کی عالمی سازش ہو رہی تھی۔ انہوں نے کہا کہ جج صاحبان جو بھی فیصلہ دیں گے اس کے مطابق آگے بڑھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں سیاسی بحران کی وجہ سے معاشی بحران پیدا ہو رہا ہے، ڈالر بھی اپنی حد کراس کر چکا ہے، اگر عدم اعتماد کی طرف جاتے ہیں تو ملک میں معاشی مسائل مزید شدت اختیار کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں معاشی استحکام کے لئے ضروری ہے کہ ملک میں سیاسی استحکام ہو، سیاسی استحکام کے لئے ضروری ہے کہ انتخابات کی طرف جائیں، سیاسی عدم استحکام کا واحد حل انتخابات ہیں۔

بقیہ 13

آرٹیکل 5 پر کارروائی میں عدالت کی معاونت کرے گا۔ افتخار درانی نے کہا کہ والیم 10 سے بین الاقوامی سازش کی پوشیدہ کڑیاں بھی مل جائیں گی، یہ قدم اٹھانے کا وقت بھی یہی ہے۔

بقیہ 14

بورڈ قیصر محمود کے علاوہ وہ تمام برانچوں کے سربراہان نے شرکت کی حاضرین سے بات کرتے ہوئے پریزیڈنٹ وسٹیشن کمانڈر نے کہا اولین مقصد عوامی فلاح وسہولیات کی فراہمی اور ان خدمات کے معیار کو مزید بہتر بنانا ہے انہوں نے صفائی، واٹر سپلائی شکایات کے ازالہ سڑیٹ لائٹس، سینیٹیشن برانچ، فوڈ برانچ، واٹر ریکوری، ٹیکس، بلڈنگ کنٹرول سیل کے نظام میں بہتری کے لیے تجاویز اور جدت لانے کی خواہش ظاہر کرتے ہوئے کینٹ کے علاقوں میں سبزے اور پھولوں کے لگانے پر مزید زور دیا۔ اجتماعی طور پر انہوں نے راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کی کارکردگی کو سراہا اور عوامی سہولیات کے معیار کو بہتر سے بہتر بنانے کا حکم جاری کیا

بقیہ 15

مفصل دورہ کیا اور سابق وزیر ہوابازی و مرکزی رہنما غلام سرور خان بھی ان کے ہمراہ تھے مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ اور مرکزی شعبہ مالیات سمیت مرکزی سیکرٹریٹ کے مختلف حصوں کا دورہ کیا منتظم مرکزی سیکرٹریٹ زاہد حسین کاظمی کی جانب سے سیکرٹریٹ میں جاری سرگرمیوں پر مفصل بریفنگ دی گئی۔ سابق وزیر خارجہ اور وائس چیئرمین تحریک انصاف شاہ محمود قریشی نے سیکرٹریٹ میں جاری سرگرمیوں اور فراہم کردہ سہولیات پر اظہار اطمینان کیا

بقیہ 16

تحریک انصاف نے اپنے ہی ڈپٹی اسپیکر سردار دوست محمد مزاری کے خلاف تحریک عدم اعتماد جمع کروائی۔

بقیہ 17

کا منظر پیش کر رہی ہے اور جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر موجود ہیں۔ اسکول کی حالت کے متعلق خاتون استاد نے بتایا کہ اسکول میں تعینات خاتون ٹیچر بھی خوف وہراس میں مبتلا تھیں کیونکہ نشہ کرنے سے روکنے پر منشیات کے عادی افراد نے بندوق تان دی تھی۔ دوسری جانب علاقہ مکینوں نے بتایا کہ اسکول کی عمارت میں اب تک 4 نشہ کرنے والے افراد مر چکے ہیں اور فلاحی تنظیموں کی ایمبولینس سروس کے ذریعے لاشیں اٹھوائی گئیں ہیں۔ علاقہ مکینوں کے مطابق شکایتوں کے باوجود پولیس نے بھی ایکشن نہیں لیا ہے جبکہ اس اسکول کی خستہ حال عمارت علاقے کے نوجوانوں کو نشے کا عادی بنا رہی ہے۔ علاقہ مکینوں نے بتایا کہ اسکول عمارت منشیات فروشی کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

بقیہ 18

غیر آئینی رولنگ دے رہے ہیں جس نے پاکستان کی فورٹ لائن کو چھیڑ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو ایسی سمت میں لا کر کھڑا کر دیا ہے، یہ پارلیمنٹ ملک کو قواعد وضوابط کے مطابق نہیں چلائی جا رہی تھی، الیکشن کمشنر کی تعیناتی سے لیکر تمام معاملات میں آئینی ذمہ داریاں نبھانے میں ناکام رہی، انہوں نے پاکستان کے دستور کا مذاق اڑایا، اتنی امپیچوریٹی کبھی نظر نہیں آئی۔ انہوں نے کہا کہ آپ نے پاکستان کو تقسیم کرنے کی کوشش کی ہے، ہم دستور کی بالادستی کی جنگ لڑتے رہیں گے۔ محمد زبیر عمر نے کہا کہ جو جمہوریت کی بنیاد ہوتی ہے ووٹنگ کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب اسمبلی میں دیکھا لوگ حمزہ کو ووٹ دینے کیلئے تیار ہیں اسمبلی کو تالے لگا دیئے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان خود لاہور میں بیٹھ کر مانیٹرنگ کر رہے تھے، ہمارا آدھا کام ہو چکا ہے، مران خان کو گھر بھیج دیا ہے، اس وقت اسلام آباد اور پنجاب میں کوئی حکومت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ انوسٹرز کی حالت دیکھیں ڈالرز کے ریٹ بڑھ رہے ہیں، معیشت کا برا حال ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان خود کو اسپورٹس مین کہتے ہیں انکو ہار تسلیم کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اسد قیصر اگر اس میں شامل ہیں تو کھل کر بیان دیں۔ انہوں نے کہا کہ چار سال میں جو تباہی ہوئی ہے وہ آپ کے سامنے ہے۔ مسلم لیگ (ن) کے رہنما دانیال عزیز کے مطابق اخبارات کی ہیڈ لائنز ہیں کہ عمران خان کے خلاف کوئی سازش نہیں ہوئی، تحریک انصاف کے کسی لیڈر نے اس کی تردید نہیں کی۔ دانیال عزیز نے کہا کہ یہ لوگ عدالت میں صرف رولز رولز کھیل رہے ہیں، اپنے موقف کی طرف نہیں آ رہے۔ دانیال عزیز نے کہا کہ تم نے پاکستان کا ستیاناس کر دیا، کشمیر میں جو آزادی کا لبادہ تھا وہ بھی اتار دیا۔ لیگی رہنما نے کہا کہ ان لوگوں نے پاکستان کو پوری دنیا میں تنہا چھوڑ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ قوم کو بیوقوف بنانا بند کریں، سیاسی جماعتوں کو غدار کہہ دیا ہے، سعودی عرب نے اپنے پیسے واپس مانگ لیے ہیں، ہمارے فوج کے سربراہ کو معاملات سلجھانے کیلئے جانا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ چین کو ناراض کیا، سربراہ پاک فوج نے معاملات سلجھائے، کشمیر کی ایسی کی تیسی پھیر دی گئی، کشمیر کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ انہوں نے کہا کہ کلبھوشن جادیو کیس کہاں تک پہنچا، جس کو چاہے پلا رہے ہو وہ پھول برسانے آیا ہوا تھا

بقیہ 19

کو محفوظ بنانے اور چھوٹے کسانوں کے لیے قابل اعتماد آمدنی میں اضافہ کو ممکن بنایا جا سکے گا۔ بینک کے نائب صدر برائے پرائیویٹ سیکٹر آپریشنز نے بتایا کہ چھوٹے کسان پہلے ہی موسمیاتی تبدیلیوں اور کووڈ کی وجہ سے مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، جس کے نتیجے میں آمدنی میں کمی، فصلوں اور خوراک کے ضیاع اور سپلائی چین میں خلل پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاہدے سے کسانوں کو قابلِ بھروسہ آمدورفت یقینی بنانے، روزگار کے تحفظ اور اثاثوں کو محفوظ رکھنے میں مدد ملے گی۔ اے ڈی بی نے کہا ہے کہ بینک غربت کے خاتمے کے لئے اپنی کوششوں کو جاری رکھتے ہوئے ایک خوشحال، جامع، لچکدار، اور پائیدار ایشیاء و بحرالکاہل کے حصول کے لئے پرعزم ہے۔

بقیہ 20

انٹرویو میں اسد عمر نے کہا کہ عمران خان اپنی ذات یا پارٹی کا نہیں ملکی مفاد کا سوچتے ہیں، اسی بنا پر انہوں نے حکومت تحلیل کی تاکہ عوام نئی حکومت کا فیصلہ کریں، عمران خان اتنے بڑے فیصلے کو عوام پر چھوڑنا چاہتے ہیں، انہوں نے سوچا کہ عدالتوں کے بجائے عوام فیصلہ کریں۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ میموگیٹ پر ن لیگ ارکان کے بیانات دیکھ لیں، کسی ملک کو کیسے اجازت دی جا سکتی ہے کہ پاکستان میں مداخلت کرے، کیسے کوئی ملک پاکستان میں حکومت تبدیل کرنے کی کوشش کر سکتا ہے؟ کسی بھی ملک کے اندرونی معاملات جیسے بھی ہوں مگر وہ بیرونی مداخلت برداشت نہیں کرتا، امریکا میں بھی ٹرمپ انتخابات میں روس پر الزامات لگے اور تحقیقات ہوئیں۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ اس وقت بنانا ری پبلک صورتحال بنتی چلی جا رہی ہے، چاہتے ہیں کہ سپریم کورٹ کوئی فیصلہ دے تا کہ صورتحال واضح ہو۔ انہوں نے کہا کہ بے شرمی، بے حیائی کیساتھ ہارس ٹریڈنگ ہو رہی ہے، ہماری نوجوان نسل کیا سوچ رہی ہوگی کہ سیاست کیا چیز ہو رہی ہے؟ حمزہ شہباز کے علامتی وزیراعلیٰ پنجاب منتخب ہونے پر اسد عمر نے کہا کہ قومی اسمبلی میں بھی ایاز صادق نے اسپیکر کی کرسی سنبھالی تھی، فلیٹیز ہوٹل میں ہونیوالا اجلاس بھی ایسا ہی ڈرامہ ہو سکتا ہے، دونوں اجلاسوں کی کیا قانونی حیثیت ہے سب کو معلوم ہے؟ اسد عمر نے کہا کہ آرٹیکل 63 اے بھی تو آئین کا ہی حصہ ہے اسے بھی دیکھنا چاہیے، تحریک عدم اعتماد لانا بھی آئین کا حصہ ہے مگر اس کے محرکات بھی دیکھنے چاہئیں، ہم نے عدالت سے استدعا کی ہے کہ حساس معاملے پر کمیشن بننا چاہیے، کمیشن بنے گا تو دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ وزارت قانون کی جانب سے انکوائری کمیشن کی تجویز آئی تھی، مگر ہم چاہتے ہیں کہ عدالت کے ذریعے کمیشن بنایا جائے، یہ تاثر بھی رد ہو جائیگا کہ کمیشن ہم کنٹرول کرتے ہیں۔ اسد عمر نے کہا کہ شہباز شریف کہتے ہیں مجھے زبانی پارلیمانی سلامتی کمیٹی میں بلایا گیا، یہ غلط بات ہے، پارلیمانی سلامتی کمیٹی کیلئے باقاعدہ دعوت نامے بھیجے گئے تھے، دعوت نامے میں شہباز شریف، بلاول بھٹو، اسعد محمود سمیت سب کے نام ہیں، شہباز شریف شاید اسی لیے نہیں آئے کیونکہ انہیں پتہ تھا مراسلے میں کیا ہے؟۔

بقیہ 21

گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ میاں ذکر اللہ مجاہد نے مزید کہا کہ رمضان بازاروں میں ناقص اشیاء کی مہنگے داموں میں فروخت انتظامیہ کی نااہلی ہے۔ بدقسمتی سے ملک کے اندر جب بھی کوئی تہوار آتا ہے تو مافیا بے لگام ہو جاتا ہے جبکہ دیگر ممالک میں مذہبی تہواروں پر عوام خاص ریلیف فراہم کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ سیاسی صورتحال نے ملکی معیشت اور غریب عوام کا برا حال کر دیا ہے۔

بقیہ 22

بحال کیا جائے، مارشل لاء کا بہانہ نہ بنایا جائے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ سیاسی جماعتیں اسٹیبلشمنٹ کے بغیر سانس بھی نہیں لیتی۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ بھارتی پائلٹ ابھینندن کو امریکا کے کہنے پر بھارت کے حوالے کیا گیا، میں جانتا ہوں امریکا ہمارا دوست نہیں ہے۔

بقیہ 23

میں ایڈوانس کے طور پر 3 کروڑ 63 لاکھ ادا کیے تھے۔ ادھر حکام کا کہنا ہے کہ مقدمہ کی تحقیقات جاری ہیں، ملزم ملک سے فرار ہو چکا ہے۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق اس فراڈ کا شکار بننے والی فرح خان اکیلی نہیں بلکہ ان سمیت 23 افراد سے لگژری کار کی بکنگ کے لیے رقوم لی گئیں۔ تحقیقاتی ادارے کے حکام نے بتایا کہ ابوذر نامی یہ ملزم تمام افراد کے پیسے ہڑپ کر گیا، منی لانڈرنگ کی دفعہ بھی لگائی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پولیس کی جانب سے بھی ملزم پر 7 ایف آئی آر درج ہوئیں، ایف آئی اے کے علاوہ نیب بھی معاملے کی تحقیقات کر رہا ہے۔

بقیہ 24

ندیم بٹ نے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے۔ مفاہمتی یادداشت کے مطابق بینک آف پنجاب صوبہ بھر کے 36 اضلاع میں کنزیومر فنانسنگ کے تحت آسان اقساط پر پٹواریوں کو ذاتی موٹر سائیکل اور سمارٹ فونز کی خریداری کے لیے قرضہ فراہم کرے گا جس سے پٹواریوں اور آفس ملازمین کو سہولت میسر آئے گی۔ سنئیر ممبر بورڈ آف ریونیو بابر حیات تارڑ نے کہا کہ ملازمین کے لیے فلاح و بہبود اور سہولیات کی فراہمی کے عزم پر ہمارا پختہ یقین ہے اور پٹواریوں اور آفس ملازمین کو نقل وحمل اور مواصلاتی رابطے کے لیے یہ سہولت فراہم کرنے کے لیے پنجاب بینک سے مفاہمتی یادداشت اسی عزم کے اظہار کا عملی ثبوت ہے اور اس سکیم سے صوبہ بھر کے پٹواریوں اور آفس سٹاف کو بھرپور استفادہ کرنا چاہیے۔

بقیہ 25

کے وفاق کی بقاء کا ضامن ہے، پاکستان کے وفاقی پارلیمانی نظام کا تحفظ کرنے کیلئے ہر حد تک جائیں گی، ڈپٹی سپیکر کی غیر آئینی رولنگ جمہوری نظام کی بنیاد پر حملہ ہے، جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جا سکتا، پنجاب میں جس طرح جمہوری مینڈیٹ کو روندا جا رہا ہے، یہ وفاق پاکستان کیلئے انتہائی خطرناک روش اور اقدام ہے، نیشنل سکیورٹی کونسل اصل حقائق سے قوم کو آگاہ کرے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق متحدہ اپوزیشن کی قیادت کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس نے قومی اسمبلی میں ڈپٹی اسپیکر قاسم سوری اور عمران نیازی حکومت کی طرف سے تحریک عدم اعتماد کو آئین شکنی کے ذریعے مسترد کرنے اور رائے شماری نہ ہونے دینے کو آئین اور پارلیمنٹ پر بدترین حملہ قرار دیا۔ اعلامیہ کے مطابق آئین پاکستان 22 کروڑ عوام کی امنگوں کا ترجمان اور پاکستان کے وفاق کی بقاء کا ضامن ہے، متحدہ اپوزیشن کی جماعتیں اپنا یہ عزم دوہراتی ہیں کہ پاکستان کے وفاقی پارلیمانی نظام کا تحفظ کرنے کیلئے ہر حد تک جائیں گی، ڈپٹی سپیکر کی غیر آئینی رولنگ جمہوری نظام کی بنیاد پر حملہ ہے جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جا سکتا، یہ ملک میں صدارتی نظام نافذ کرنے اور ڈکٹیٹر شپ مسلط کرنے کی سازش کا حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ اس غیر آئینی اقدام کی فی الفور تنسیخ کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ آئین پر حملہ کرنے کے ذمہ داروں کا تعین کر کے انہیں مثالی سزا دی جائے تا کہ آئندہ کوئی ایسی جرات نہ کر سکے۔ متحدہ اپوزیشن نے پنجاب اسمبلی میں سپیکر کے غیر آئینی رویہ کی مذمت کی اور پاکستان کے سب سے بڑے صوبے میں جس طرح جمہوری مینڈیٹ کو روندا جا رہا ہے، یہ وفاق پاکستان کے لئے انتہائی خطرناک روش اور اقدام ہے۔ عمران حکومت کی طرف سے مسلسل فیک بیرونی سازش کی تھیوری کی تائید میں نیشنل سکیورٹی کونسل کی حمایت کا تاثر انتہائی تشویشناک ہے جس کے ذریعے 197 اراکین کو غدار قرار دیا گیا۔ نیشنل سکیورٹی کونسل سے مطالبہ ہے کہ وہ اصل حقائق سے قوم کو آگاہ کرے تا کہ ملک کو انتشار اور انارکی سے بچایا جا سکے۔ بروز جمعہ 8 اپریل کو ملک بھر میں یوم تحفظ آئین پاکستان منایا جائے گا۔ نماز جمعہ کے خطبوں میں ائمہ کرام آئین پاکستان کی حرمت اور حفاظت کی ضرورت پر روشنی ڈالیں گے اور عوام کو اس کی اہمیت سے آگاہ کریں گے۔ صوبائی دارالحکومتوں میں ریلیاں نکالی جائیں گی اور تحفظ آئین پاکستان وکلا کنونشن منعقد کیا جائے گا۔

بقیہ 26

سے رابطہ ہوا، ذرائع نے بتایا کہ حکومتی امیدوار نے رابطے کرنے والوں کے نام راز میں رکھنے کی ہدایت کر دی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ رابطے کرنے والے ارکان ماضی میں بطور وزرا اور مشیر کام کر چکے ہیں۔ ذرائع کے مطابق پرویز الٰہی آئندہ ہفتے حکومتی اتحادی ارکان کیا عزاز میں عشائیہ دیں گے، امیدوار کی جانب سے عشائیے میں ارکان کی تعداد شو کرائی جائے گی۔ ترجمان ق لیگ کا کہنا ہے کہ اپوزیشن کو پنجاب اسمبلی میں نمبر گیم سے متعلق جلد سرپرائز دیں گے۔ گذشتہ روز متحدہ اپوزیشن کے علامتی اجلاس میں حمزہ شہباز کو کثرت رائے سے قائد ایوان منتخب کر لیا گیا تھا۔ علامتی اجلاس میں حمزہ شہباز کے حق میں 199 ووٹ آئے جب کہ مخالفت میں کوئی ووٹ نہیں آیا۔ شرکاء نے نشستوں پر کھڑے ہو کر رائے دی۔

بقیہ 27

المبارک کی مناسبت سے پنجاب بھر کی جیلوں میں مقید افراد کے لیے 60 دن کی سزاؤں میں کمی کا اعلان کیا ہے۔ سزاؤں میں کمی پاکستان پریزن رولز 1978ء کے رول 216 کے تحت کی گئی ہے اور اس کا اطلاق ان تمام قیدیوں پر ہوگا جو رواں سال جیل قوانین کی خلاف ورزی میں ملوث نہ ہوں گے۔ سزاؤں میں کمی کا اطلاق دہشت گردی، منشیات اور حدود آرڈی ننس کی دفعات کے تحت سزا ہونے والے قیدیوں پر نہیں ہوگا، مالی غبن اور قومی خزانے کو نقصان پہنچانے والے قیدی بھی اس ریلیف سے استفادہ نہیں کر سکتے۔ اس اعلان کے تحت 150 قیدیوں کو سزاؤں میں کمی کے طور پر فائدہ پہنچا ہے اور ان قیدیوں اور ان کے ورثاء نے خوشی کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ 28

جا رہے ہیں، ان سب کے نام ای سی ایل میں ڈالے جائیں۔ سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اتوار سے پورا ملک ایک آئینی بحران کا شکار ہے اور عدالتی فیصلے کا منتظر ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے ''کو'' کیا ہے، ججز وہی کرینگے جس کیلئے پورا ملک سانس روک کر انگی طرف دیکھ رہا ہے، پانچ منٹ میں آئین معطل ہوا اسمبلی تحلیل ہوئی، یہ بدترین آمروں نے بھی نہیں کیا، غدار بھی منتظر ہے کہ ان کا کوئی فیصلہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت جو آمریت مسلط کی گئی ہے، اسکو ہٹائیں گے، ہم الیکشن لاز میں ترمیم کر کے ہم آگے بڑھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز پنجاب اسمبلی میں جو تماشا ہوا سب نے دیکھا، اراکین کو اسمبلی میں نہیں جانے دیا گیا، اس رواج کو فروغ نہ دیا جائے، ہمیں انصاف چاہیے، پاکستان کے آئین کو انصاف چاہیے۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کبھاری خواہش بھی عوام اور آئین کا جلد فیصلہ ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ چار اپریل کو پیپلز پارٹی کے ساتھ جو ہوا سب کو پتہ ہے۔ گزشتہ روز پنجاب اسمبلی میں خاردار تاریں لگا آمریت کے دور میں ایسا نہیں ہوا، پی ٹی آئی چاہتی ہے اس ملک میں خانہ جنگی ہو، ہم یہ نہیں چاہتے ایسا ہو۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں غدار کہا گیا ہے، اس ایوان کا تقدس بری طرح پامال کیا گیا، ہمیں بتایا جائے کہ ہم غدار ہیں ان کے شواہد لائیں یہ کون ہوتے ہیں غدار کا پرچہ کون بانٹ رہا ہے، ہم دیکھیں گے قانون وانصاف کون کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ واضح ہو گیا ہے کہ ان کے دوست حواری، سب فصلی بیٹروں کی طرح اڑنے لگے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا سرمایہ باہر لے کر جا رہے ہیں، ان سب کو ای سی ایل میں نام ڈالا جائے۔ شیری رحمٰن نے کہا کہ الیکشن ترامیم جو بلڈوزر کیے ہوئے ہیں ہم نہیں مانتے ہمیں الیکشن سے کوئی تکلیف نہیں۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ فرح کو فرار کرایا گیا، اس کی کرپشن اور غبن بنی گالہ تک جاتا ہے، خاتون اول کی فرنٹ مین کو سیکورٹی پروٹوکول میں ایئر پورٹ چھوڑا گیا۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پاکستان کے ٹیکس ادا کرنے والوں کے ساتھ کھلواڑ کیا گیا۔

بقیہ 29

کے ریفرنس میں جج اعظم خان نے ریفرنس واپس نیب کو بھیج دیا، عدالت نے شوکت عزیز سمیت دیگر کے خلاف دائر ریفرنس واپس بھیجتے ہوئے نمٹا دیا۔ عدالتی فیصلے میں کہا گیا کہ نیب ترمیمی آرڈیننس کے بعد احتساب عدالت کا دائرہ اختیار نہیں بنتا، نیب ریفرنس کو متعلقہ فورم پر بھیجے۔ ملزمان پر بشارت حسن بشیر کو غیر قانونی کنسلٹنٹ تعینات کرنے کا الزام ہے، ریفرنس میں شوکت عزیز، لیاقت جتوئی اور دیگر ملزمان نامزد ہیں۔

بقیہ 30

صدر عارف علوی کے دستخط سے معاہدہ کیا، معاہدہ شہری سندھ کے بنیادی مسائل پر تھا، معاہدے پر انتہائی سست رفتاری سے کام ہوا، جس پر ہم وفاقی کابینہ سے نکل گئے۔ فیصل سبزواری نے کہا کہ 9 مارچ کو وزیراعظم بہادر آباد آئے، کسی بیرونی سازش کا ذکر نہیں کیا، 29 مارچ کو گورنر سندھ اور پرویز خٹک نے پارلیمنٹ لاجز میں ملاقات کی، کسی سازش کا نہیں بتایا۔ رہنما ایم کیو ایم نے کہا کہ ہم پر الزام لگایا جا رہا ہے کہ ہم نے پی ٹی آئی حکومت کو دھوکا دیا ہے، ہم نے پیٹھ پیچھے کچھ نہیں کیا، ہم نے پیپلز پارٹی کے ساتھ معاہدہ اپنے لوگوں کے حقوق کے لیے کیا ہے۔ فیصل سبزواری نے کہا کہ ہم نے جو معاہدہ کیا ہے اس پر ملک کی تمام سیاسی قیادت نے دستخط کیے ہیں۔

بقیہ 31

پی پی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے عمران خان حکومت سے نجات کی خوشی میں ملک بھر میں تقریبات منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ نیئر بخاری کے مطابق اس سلسلے میں صوبائی تنظیموں کو ہدایات کی گئی ہیں کہ وہ ضلعی ہیڈ کوارٹرز میں اجلاس اور تقریبات منعقد کرائیں۔ نیئر بخاری نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو کی عوامی لانگ مارچ کے نتیجے میں نااہل عمران خان سے نجات ملی اور جیالے کارکنوں نے عوامی قوت سے قوم کو عمران حکومت سے نجات دلائی۔

بقیہ 32

خلاف ہے۔ سپریم کورٹ آف پاکستان نے قومی اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر کی رولنگ اور قومی اسمبلی تحلیل کرنے کو غیر آئینی قرار دے دیا۔ چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں 5 رکنی لارجر بینچ نے چار روز سماعت کے بعد از خود نوٹس کیس کا محفوظ فیصلہ جاری کیا۔ فیصلے کے تناظر میں سپریم کورٹ کی اندرونی اور بیرونی سیکیورٹی کو انتہائی سخت کیا گیا، کمرہ عدالت میں مخصوص افراد کے علاوہ کسی بھی غیر متعلقہ شخص کو داخلے کی اجازت نہیں دی گئی۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں سپریم کورٹ کا پانچ رکنی لارجر بینچ نے اسپیکر رولنگ از خود نوٹس کیس کی سماعت مکمل کر کے فیصلہ محفوظ کیا تھا، اس دوران حکومت اور اپوزیشن کے وکلاء نے دلائل مکمل کیے۔ لارجر بینچ میں جسٹس اعجاز الاحسن، جسٹس مظہر عالم میاں خیل، جسٹس منیب اختر اور جسٹس جمال خان مندوخیل شامل تھے۔ فیصلہ محفوظ کرنے سے قبل چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ سیاست میں سب کا احترام ہے لیکن خدا قسم قوم قیادت کے لیے ترس رہی ہے، ایک بات تو واضح نظر آ رہی ہے اور وہ یہ کہ اسپیکر رولنگ غلط ہے، دیکھنا ہے اب اس سے آگے کیا ہوگا، اسمبلی بحال ہوگی تو بھی ملک میں استحکام نہیں ہوگا لیکن ملک کو استحکام کی ضرورت ہے جبکہ اپوزیشن بھی استحکام کا کہتی ہے، قومی مفاد کو بھی ہم نے دیکھنا ہے۔ اٹارنی جنرل خالد جاوید نے بھی کہا کہ میں رولنگ کا دفاع نہیں کر رہا لیکن میرا مدعا نئے انتخابات ہیں۔ جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ عدالت نے حالات ونتائج کو دیکھ کر فیصلہ نہیں کرنا ہے، عدالت نے آئین کو مدنظر رکھ کر فیصلہ کرنا ہے، کل کو کوئی اسپیکر آئے گا وہ اپنی مرضی کرے گا، عدالت نے نہیں دیکھنا کون آئے گا کون نہیں اور ہم نتائج پر نہیں جائیں گے۔ عدالت میں بلاول بھٹو بھی پیش ہوئے اور کہا کہ اپنے لیے حکومت بنانا ہماری ترجیح نہیں، ڈپٹی اسپیکر کی رولنگ غیر آئینی ہے اور اسی غیر قانونی رولنگ نے وزیراعظم کی جمہوریت پر سوال اٹھایا، ہم حکومت بنا کر انتخابی اصلاحات کرنا چاہتے ہیں۔ چیف جسٹس نے کہا کہ کیا انتخابی اصلاحات کی تجویز ٹیبل ہوئی؟ کیا انتخابی اصلاحات کے لیے کوئی بل جمع کروایا ہے؟ ہمیں پتا ہے آپ کے خاندان نے جمہوریت کے لیے قربانیاں دی ہیں، آپ کی سینیٹ میں جو انتخابی اصلاحات کی تجاویز ہیں وہ منگوا لیں۔ چیف جسٹس نے کہا کہ بلاول بھٹو آپ کا شکریہ کہ آپ نے بہت زبردست بات کی اور آپ واحد ہیں جن کے چہرے پر مسکراہٹ تھی، ہمیں آئین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے فیصلہ جاری کرنے دیں، فیصلہ آئین اور قانون کے مطابق ہوگا، ہمیں معلوم ہے کہ بلاول بھٹو کی تین نسلوں نے جمہوریت کی بقا کے لیے قربانی دی ہے۔ عدالت عظمیٰ میں اپوزیشن لیڈر شہباز شریف نے کہا کہ رولنگ ختم ہونے پر تحریک عدم اعتماد بحال ہو جائے گی اور اسپیکر کی رولنگ کالعدم ہو تو اسمبلی کی تحلیل از خود ختم ہو جائے گی۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ ہمیں کمزور نہیں بلکہ مضبوط حکومت چاہیے۔ شہباز شریف نے کہا کہ اگر عدالت اسپیکر کی رولنگ کو غیر آئینی قرار دیتی ہے تو نتیجتاً وزیراعظم کے اقدامات ختم ہو جائیں گے اور اس کے نتیجے میں ختم کی گئی اسمبلی بحال ہو جائے گی، آئین کو جیسے توڑا گیا اور معطل کیا گیا وہاں نتائج بھی ہوں گے۔ عدالت اللہ اور پاکستان کے نام پر پارلیمنٹ کو بحال کرے، پارلیمنٹ کو عدم اعتماد پر ووٹ کرنے دیا جائے۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ حکومت 174 ووٹوں پر قائم تھی اور ہمارے ممبر 177 ہیں، آئین کی بحالی اور عوام کے لیے اپنا خون پسینہ بہائیں گے۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ 2013 کے الیکشن میں آپ کی کتنی نشستیں تھیں؟ شہباز شریف نے کہا کہ گزشتہ انتخابات میں 150 سے زائد نشستیں تھیں۔ جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ اپوزیشن پہلے دن سے الیکشن کرانا چاہتی تھی، شہباز شریف نے کہا کہ مسئلہ آئین توڑنے کا ہے۔ جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ آئین کی مرمت ہم کر دیں گے۔ جسٹس اعجاز الاحسن نے استفسار کیا کہ عدم اعتماد اگر کامیاب ہوتی ہے تو اسمبلی کا کتنا دورانیہ رہے گا؟ شہباز شریف نے بتایا کہ ڈیڑھ سال پارلیمنٹ کا ابھی باقی ہے، اپنی اپوزیشن سے ملکر انتخابی اصلاحات کریں گے تاکہ شفاف الیکشن ہو سکے۔ اٹارنی جنرل کے دلائل سے قبل اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے وکیل نعیم بخاری نے پارلیمانی قومی سلامتی کمیٹی کے میٹنگ منٹس سپریم کورٹ میں پیش کیے تھے جس میں انکشاف ہوا کہ وزیر خارجہ اور مشیر قومی سلامتی اجلاس میں شریک نہیں تھے۔

بقیہ 33

اجلاس میں آتے، اگر عدم اعتماد میں عمران خان حکومت قائم رہ جاتی ہے تو آئیسولیشن کی واضح دھمکی دی گئی، جوڈیشل کمیشن اس کے حقائق جان سکتا ہے، موجودہ صورتحال میں واحد حل فریش مینڈیٹ ہے، عوام نے فیصلہ کرنا ہے کہ ملک کی باگ ڈور کس کے ہاتھ میں دیں۔ شاہ محمود قریشی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سب سے اہم نقطہ ڈپٹی اسپیکر کی رولنگ کا زیر بحث ہے، آرٹیکل 69 واضح ہے جو پارلیمنٹ کے معاملات کو پارلیمنٹ میں رکھنے کا کہتا ہے، ریاست کے ہر ادارے کی اپنی ذمہ داری ہے، جوائنٹ اپوزیشن کہتی ہے ڈپٹی اسپیکر نے آئین شکنی کی، یہ ان کی رائے ہے ہماری رائے ان سے جدا ہے۔ سابق وزیر خارجہ نے کہا کہ اسپیکر کے پاس رولنگ کا اختیار ہے اس کا فیصلہ حتمی ہے، اسپیکر کی رولنگ کو آرٹیکل 69 تحفظ دیتا ہے، ڈپٹی اسپیکر نے آئین شکنی نہیں کی، ہم نے آئین کا حلف لیا ہے، آئین کی پاسداری ہم پر لازم ہے، آئین سے ماورا قدم اٹھانا نہ ہماری پالیسی ہے اور نہ سوچ ہے۔ انہوں نے کہا ایک کیمونیکیشن آئی جس سے پاکستان کے سیاسی سسٹم میں بیرونی مداخلت کا ہمارا موقف ہے اس کا مقصد حکومت بدلنا تھا، نیشنل سکیورٹی کمیٹی میں یہ مسئلہ زیر بحث آیا، یہ ایک سنجیدہ کیمونیکیشن تھی نیشنل سکیورٹی کمیٹی میں وہ کیمونیکیشن رکھی گئی، نیشنل سکیورٹی کمیٹی کے ممبران اس کیمونیکیشن پر فی الفور دفتر خارجہ ڈیمارش کرے۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ دفتر خارجہ نے ڈیمارش کیا، اگر اپوزیشن کو اس مراسلے پر شبہ تھا تو نیشنل سیکیورٹی اجلاس میں آتے، وہ پارلیمانی فورم پر جاتے اور اپنا نقطہ اٹھاتے۔ ڈپٹی اسپیکر نے کہا کہ یہ ایک نئی صورتحال ہے اس کو سامنے رکھتے ہوئے انہوں نے اجازت نہ دی ایک طریقہ یہ ہے اس پر تحقیقات کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اگر عدم اعتماد میں عمران خان حکومت قائم رہ جاتی ہے تو آئسولیشن کی واضح دھمکی دی گئی، جوڈیشل کمیشن اس کے حقائق جان سکتا ہے، میں نے بطور وزیر خارجہ کہا کہ ڈیمارش بنتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اپنی بوکھلاہٹ میں اپنے مقاصد کو حاصل کرنے کیلئے ملک کو آئینی بحران میں دھکیل رہے ہیں، پورے ساڑھے تین سال یہ ایک راگ الاپتے رہے کہ ملک کو نئے انتخابات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے 5 سال پورے کیے، ن لیگ نے 5 سال پورے کیے، ہمیں 5 سال پورے کرنے نہیں دیے، یہ بہت سنجیدہ صورتحال ہے، عدلیہ کا فیصلہ آئیگا ہم منتظر ہیں، واحد حل فریش مینڈیٹ ہے، عوام نے فیصلہ کرنا ہے کہ ملک کی باگ ڈور کس کے ہاتھ میں دیں۔ صحافی کے سوال کہ کیا 200 عوامی نمائندے غدار ہیں کے جواب میں شاہ محمود قریشی نے کہا اس کی تحقیقات کرنا ہوں گی۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ ہم جوڈیشل انکوائری کی گزارش کر سکتے ہیں، اگر جوڈیشل انکوائری ہوتی ہے تو میرے 7 سوال ہیں۔ انہوں نے دھمکی آمیز مراسلے سے متعلق بات کرتے ہوئے کہا کہ کون کس سے ملا اس کے حقائق کون سامنے لائیگا، ملاقات ملک اور بیرون ملک ہوئی اس کی تحقیقات کون کریگا، مریم نواز، پیپلز پارٹی اور گیلانی فیملی کے لوگوں نے من گھڑت کہا، اگر من گھڑت کہا تو تحقیقات کر لیتے ہیں۔

بقیہ 34

طیب شاہ عدالت کے سامنے پیش ہوئے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے کہا کہ ایف آئی اے میں 94 ہزار کیسز ہیں، 22 ہزار کیسز کا فیصلہ ہو چکا ہے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ ایف آئی اے کی اتنی استعداد ہی نہیں ہے وہ اتنے تربیت یافتہ ہی نہیں ہیں، ایف آئی اے نے پبلک آفس ہولڈرز کی ساکھ کے تحفظ کیلئے مخصوص کارروائیاں کیں۔ قاسم وودود نے کہا کہ پیکا ایکٹ کے سیکشن 20 کو قانون میں موجود رہنا چاہیے، یہ صرف پاکستان میں نہیں دیگر ممالک میں بھی کچھ پابندیوں کے ساتھ موجود ہے، پبلک آفس ہولڈرز کی ذاتیات یا انکے رشتے داروں پر حملے نہیں ہونے چاہئیں، جو خرابیاں سامنے آئیں گی انکو وقت کے ساتھ ختم کیا جا سکے گا۔ چیف جسٹس اطہر من اللہ نے کہا کہ سوشل میڈیا تو معاشرے کا عکاس ہوتا ہے، ہمارے معاشرے میں کیوں سوشل میڈیا پر بدتمیزی اور بدتہذیبی ہے، بندوق سیلف ڈیفنس کیلئے ہوتی ہے لیکن کسی بندر کے ہاتھ دیدیں تو وہ خطرناک ہے، سوسائٹی میں عدم برداشت کا یہ مطلب نہیں کہ ایسے قانون بنائے جائیں جن کا غلط استعمال ہو سکے، اس عدالت کے سامنے جو کیسز ہیں ان میں ایف آئی اے کے اختیارات کا غلط استعمال ثابت ہو چکا ہے،

بقیہ 35

ملوث ایک اور دہشت گرد کو لاہور سے گرفتار کر لیا گیا ہے، دہشت گرد کو بلوچستان کے گرفتار ہونے والے اس کے ساتھی کی نشاندہی پر گرفتار کیا گیا ہے، انارکلی دھماکے کیمرکزی ملزم بلوچستان سے گرفتار ہوئے تھے۔ تفتیشی ذرائع کے مطابق گرفتار دہشت گرد کو قانون نافذ کرنے والے اداروں نے سی ٹی ڈی کے حوالے کر دیا ہے، دہشت گرد کا نام سیف الرحمان ہے جو ٹرک اڈے میں ملازمت کرتا تھا، اور 20 جنوری کو دھماکے کے بعد ٹرک اڈے کے پاس روپوش ہو گیا تھا، دہشت گرد کا تعلق بلوچستان کی کالعدم تنظیم سے ہے، اور لاہور دھماکے کے لئے دھماکا خیز مواد بھی ٹرک میں بلوچستان سے سپلائی کیا گیا۔ گرفتار دہشت گرد سیف الرحمان کو سی ٹی ڈی نے انسداد دہشت گردی لاہور کی خصوصی عدالت میں پیش کر دیا ہے۔ تفتیشی افسر نے عدالت سے استدعا کی کہ گرفتار دہشت گرد سے واقعے سے متعلق تفتیش درکار ہے 14 روزہ جسمانی ریمانڈ دیا جائے۔ عدالت نے کارروائی مکمل کرتے ہوئے ملزم کا 21 اپریل تک جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا۔

بقیہ 36

نے 11 جنوری 2019 کو سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو اپنی اسناد پیش کی تھیں۔ اسد مجید خان نے 11 جنوری 2022 کو اپنی تین سالہ مدت پوری کی لیکن نامزد سفیر سردار مسعود خان کی آمد تک وہ 24 مارچ تک واشنگٹن میں ہی رہے اور اب برسلز میں پاکستان کے نامزد سفیر ہیں۔ دو روز قبل ایک نیوز بریفنگ میں مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے اسد مجید خان کو نام نہاد دھمکی آمیز خط کے تنازع کے پس پردہ مرکزی کردار قرار دیا جس میں بائیڈن انتظامیہ کو پی ٹی آئی حکومت گرانے کے اقدام کی پشت پناہی کا ذمہ دار ٹھہرایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا تھا کہ یہ خط ایک ڈراما تھا جس کی وجہ سے سفیر (اسد مجید) کو راتوں رات برسلز منتقل کر دیا گیا تھا تاہم سفارتی ذرائع نے بتایا کہ پاکستانی سفارتخانے کے ریکارڈ اور میڈیا رپورٹس سے پتا چلتا ہے کہ سفیر اسد مجید خان کی آمد یا روانگی کے بارے میں کچھ بھی اچانک نہیں ہے۔ واشنگٹن، برسلز اور ریاض میں سفارتی تبدیلیوں کی خبریں پہلی بار پاکستانی میڈیا میں گزشتہ سال اکتوبر میں سامنے آئی تھیں، جن میں کہا گیا تھا کہ آزاد جموں وکشمیر کے 27 ویں صدر مسعود خان ملک کے نئے سفیر کے طور پر واشنگٹن جا رہے ہیں۔ میڈیا رپورٹس میں نشاندہی کی گئی تھی کہ وہ سفیر اسد مجید خان کی جگہ لیں گے جو یورپی یونین، بیلجیئم اور لکسمبرگ میں نئے سفیر کے طور پر برسلز جا رہے ہیں۔

بقیہ 37

چوہدری نے کہا کہ؟ اللہ کی شان ہے کہ مریم نواز کمیشن اور کک بیکس پر بیان دے رہی ہیں، انہیں جب عمران خان کی ذات پر کچھ نہیں ملا تو فرح کو ڈھونڈ کر تنقید شروع کر دی۔ انہوں نے کہا کہ پہلے یہ بتائیں کہ آپ تین چار سال سے الیکشن کا انتظار کر رہی تھیں جواب فرح خان پر الزام لگانا شروع کر دیا، آخری یہ کہ عدالتیں اور ادارے دونوں موجود ہیں آپ فرح خان کیخلاف درخواست دائر کریں ہم ساتھ ہیں۔ پی ٹی آئی رہنما نے طنز کرتے ہوئے کہا کہ آپ ایسا کریں ہوٹل میں اجلاس کر کے مولانا فضل الرحمان کو صدر اور سیکورٹی گارڈز کی میٹنگ کر کے کیپٹن (ر) صفدر کو چیف افسر بنالیں کیونکہ سارے عہدے جب ایسے ہی تقسیم ہونے ہیں تو صفدر صاحب کیوں محروم رہیں۔

بقیہ 38

ہیں ترجمان کینٹ بورڈ کے مطابق سی ای او نے سخت ہدایات جاری کی ہیں جن میں سڑکوں کی تعمیر کے دوران بین الاقوامی معیار کو بھی مدنظر رکھا جائیگا اور میٹریل میں شفافیت اپنائی جائے گی تا کہ کینٹ کے شہریوں کو درپیش مشکلات کا ازالہ ہو سکے دریں اثناء کینٹ کے تمام علاقوں میں 3 کروڑ سے زائد کی خطیر رقم سے سٹریٹ لائٹس لگانے کا کام بھی شروع کر دیا گیا ہے جبکہ واٹر سپلائی کے بھی متعدد منصوبوں پر کام شروع ہو چکا ہے ایگزیکٹو آفیسر عمران گلزار نے کہا کہ کینٹ میں ترقیاتی اور عوامی سہولتوں کے کاموں کو معیاری بنایا جائے گا اور ہر ممکن سہولتیں بہم پہنچائی جائیں گی۔

بقیہ 39

ٹوئٹر پر جاری بیان میں کہا کہ عمران خان اور اس کے ساتھیوں کا چہرہ دیکھنے کے بعد غیر مشروط طور پر آصف زرداری، محترم نواز شریف، محترم شہباز شریف، محترمہ مریم نواز سے معافی کا طلبگار ہوں۔ عامر لیاقت نے اپنے ٹوئٹ میں لکھا کہ کیپٹن صفدر، بہن عظمیٰ بخاری، حمزہ بھائی، جج کے ساتھی مولانا فضل الرحمٰن، بلاول بھائی اور عبدالغفور حیدری سے معافی کا خواستگوار ہوں ورنہ بوجھ رہے گا۔ واضح رہے کہ گزشتہ دنوں سوشل میڈیا پر عامر لیاقت نے ایک ویڈیو پیغام جاری کیا تھا جس میں انہوں نے وزیراعظم عمران خان پر تنقید کی اور سنگین الزامات لگائے۔ ان الزامات پر کافی ردعمل سامنے آیا تھا۔

بقیہ 40

مسیح نے اسلام کی تعلیمات سے متاثر ہو کر جامعہ مسجد 46 اڈا کے قاری عمر فاروق کے ہاتھوں کلمہ طیبہ پڑھ کر دین اسلام قبول کر لیا جس پر اس کا اسلامی نام محمد عرفان رکھ دیا گیا اس موقع پر نمازیوں نے محمد عرفان کو دائرہ اسلام میں داخل ہونے پر مبارکباد دی اور اسے مزہبی عبادات کی ترغیب دی جا رہی ہے تا کہ وہ مکمل طور پر اسلامی تعلیمات سے روشناس ہو کر ان پر کاربند ہو سکے۔

بقیہ 41

چوڑا شگاف پڑا ہے۔ پانی کے بہاؤ میں تیزی کے باعث اپنی مدد آپ کے تحت شگاف پُر کرنے والے مقامی افراد کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ کسانوں کے مطابق نہر میں شگاف محکمہ انہار کے عملے کی غفلت اور لاپروائی سے پڑا ہے، جس سے ان کی کھڑی فصل تباہ ہو گئی۔ کسانوں کے مطابق اطلاع دینے کے باوجود محکمہ انہار کا عملہ شگاف پُر کرنے نہیں پہنچا۔ دوسری جانب محکمہ انہار کے حکام کا کہنا ہے کہ مشینری اور عملہ شگاف پُر کرنے روانہ کر دیا ہے، جلد شگاف پُر کر لیا جائے گا۔

بقیہ 42

کاقتل آصف زرداری نے کروایا ہے، جب کوئی قتل ہوتا ہے تو اس میں یہ دیکھنا چاہیے کہ اس قتل میں فائدہ اور نقصان کس کو ہوا؟ پرویز مشرف نے کہا کہ بے نظیر بھٹو کے قتل میں میرا نقصان ہی نقصان ہوا لیکن فائدہ ایک ہی آدمی کو ہوا جو کہ قاتل ہے اور وہ آصف زرداری ہے۔ ویڈیو پیغام میں پرویز مشرف اپنی بات جاری رکھتے ہوئے کہہ رہے ہیں کہ بینظیر کو بیت اللہ محسود اور اس کے لوگوں نے مارا، اس میں کوئی شک نہیں اس کے ثبوت بھی موجود ہیں تاہم اس کیس میں دیکھنا یہ ہے کہ بیت اللہ محسود کی سازش کے پیچھے کون ہے، کیا کوئی ایسا شخص اس قتل میں موجود ہے جو سازش کر کے بیت اللہ محسود کا استعمال کر کے قتل کروایا؟ انہوں نے کہا کہ بے نظیر قتل کی سازش کیس کے پس منظر میں آصف زرداری اور افغانستان کے سینئر خاص لوگ شامل تھے، آصف زرداری کے صدر کرزئی کے ساتھ ٹھیک ٹھاک تعلقات تھے۔ پیغام میں پرویز مشرف نے سوال اٹھایا کہ بے نظیر بھٹو صاحبہ ایک بلٹ پروف گاڑی میں بیٹھی تو پھر کیا ضرورت تھی ایک عام سے مکینک سے گاڑی اوپر سے کٹوانے کی کی؟ یہ کون سی عقل کی بات ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق فی الحال یہ واضح نہیں ہے کہ پرویز مشرف کی شیئر کی گئی ویڈیو پیغام ماضی کا ہے یا حالیہ ہے۔

بقیہ 43

لائے جائیں، پاکستان کو بچانا ہے تو آئین کی بالادستی قائم کرنا ہوگی، عمران نیازی جھوٹے ہیں، عمران نیازی ایبسولیوٹلی فراڈ ہیں، یہاں تو یہ جھوٹا فراڈ لیٹر لے آئے، پنجاب میں کیا ہوا تھا؟ وہاں تالے لگا دیئے گئے اور خاردار تاریں لگا دیں گئیں، آئین کی حکمرانی اور آئین توڑنے والوں کو سزا ملنے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ امید ہے کہ عدالت عظمیٰ ڈپٹی اسپیکر کی رولنگ کے حوالے سے مقدمے کا جلد فیصلہ دیگی کیونکہ زندگی کا ہر شعبہ منجمد ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران نیازی کی معاشی بربادیاں اور معاشی تباہیاں، غربت، بیروزگاری اور مہنگائی نے پاکستان کو دنیا کے نقشے میں ایک ایسے ملک کے طور پر لا کر کھڑا کیا ہے جس میں غلط طرز حکمرانی، نااہلی اور کرپشن کی بنا پر آج پاکستان دیہائیوں پیچھے جا چکا ہے۔

بقیہ 44

بھولی تھی بلکہ لیڈر نے مجھے بھلا دیا، درخواستوں کے باوجود میری رکنیت بحال نہیں کی گئی، مجھے شاید بنی گالہ کے موکلوں نے ہی یہاں تک پہنچایا ہے، بشریٰ بی بی نے کسی طرح کی صلہ رحمی نہیں دکھائی۔ ایک انٹرویو میں عظمیٰ کاردار نے کہا کہ اگر ہم کارکنان دل کے زخم دکھائیں تو لوگوں کو پتہ چلے ہم کس حال میں تھے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے تو اپنے کارکنان کو مڑ کر نہیں دیکھا، بنی گالہ میں اگر کوئی نظر آیا تو وہ صرف فرح خان نظر آئیں۔ فرح خان تو اب بھاگ گئی ہے اس کی ذمہ داری آپ کے کاندھوں پر آ گئی ہے، تقرر وتبادلوں کیلئے جو کروڑوں روپے رشوت لی گئی اور دبئی میں محلات بنائے گئے اس کا جواب اب انہیں دینا پڑے گا، اب آپ کو راہ نجات نہیں ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے چوہدری سرور کے ساتھ کیا کیا، میں درخواستیں دیتی رہی کہ میں ادنیٰ کارکن ہوں میری رکنیت بحال کر دیں لیکن میرے لئے سارے دروازے بند کر دیئے گئے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے جو خط لہرایا ہے اس سے ہماری خارجہ پالیسی کو بہت نقصان ہوگا، مجھے تو یہ خط قطری خط کی طرح لگتا ہے۔

بقیہ 45

وہ غدار اور جو آئین کو روندر ہے ہیں وہ کھلے عام پھر رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما نے کہا کہ تمام اداروں کا فریضہ بنتا ہے کہ آئین کا تحفظ کرے، یہ اتحاد کا سمبل ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو آئین کی پاسداری کر رہے ہیں وہ غدار اور جو آئین کو روند رہے وہ کھلے عام پھر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کا منصب اب سنبھالا ہے اور صدر غیر آئینی احکام جاری کر رہے ہیں، ہم سپریم کورٹ کے فیصلہ کے انتظار میں ہے۔ انہوں نے کا بکہ خط کو بہانہ بنایا جا رہا ہے اس کی حقیقت سامنے آ جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان جب سے اقتدار میں آیا ڈرامے ہی ڈرامے ہو رہے ہیں، پاکستان میں سیاسی جماعتوں کو بدنام کرنا تھا وہ کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاق میں خط آیا، پنجاب میں کس کا بہانہ بنایا گیا؟۔

بقیہ 46

عدالت میں جائیں اور سوالات کے جواب دیں، جعلی خط کی تخلیق کے وہ مرکزی کردار بتائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قوم ان کی تقریریں نہیں سننا چاہتی، عدالت کے اندر جائیں اور ثبوت دکھائیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سازش کی تمام افسانہ نگاری شاہ محمود قریشی کی نگرانی، سرپرستی اور سہولت کاری سے ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ عمران نیازی اور ان کے حواریوں نے آئین توڑا، آئین کے خلاف بغاوت کا جرم کیا، آرٹیکل 6 کے تحت سب کا ٹرائیل ہوگا اور عبرت کا نشان بنائیں گے۔

بقیہ 47

قابو نہ کر سکی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ لٹن روڈ کی حدود میں ایک مخبوط الحواس شخص مختلف شاہراہوں پر گھومتا رہتا ہے لیکن اسی دوران وہ اچانک پتھر اٹھا کر راہگیروں کو مارنا شروع کر دیتا ہے اور اب تک کچھ لوگ زخمی بھی ہوئے جبکہ کئی گاڑیوں کے شیشے بھی توڑ چکا ہے۔ متاثرہ راہگیروں کے مطابق اس کے خلاف پولیس ایمرجنسی سروس ون فائیو پر کالز بھی کی گئی ہیں لیکن پولیس کی جانب سے سنجیدگی سے نہیں لیا جا رہا۔ مطالبہ ہے اس شخص کو فی الفور تحویل میں لے کر اسے ذہنی امراض کے ہسپتال منتقل کیا جائے۔

بقیہ 48

سن کر موقع پر ان کے ازالہ کے لئے احکامات جاری کرنے میں مصروف عمل ہیں۔ ذرائع کے مطابق آر پی او سرگودھا ریجن ڈی آئی جی محمد فیصل رانا روزانہ کی بنیاد پر اوپن ڈور پالیسی کے تحت روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری میں شہریوں کی شکایات سن کر بروقت ازالے کے لیے موقع پر ہی احکامات جاری کر رہے ہیں۔ آر پی او نے ضلعی پولیس افسران کو فری اور فوری مقدمات کی رجسٹریشن کے لیے واضح حکم دیتے ہوئے تمام پولیس افسران واہلکار کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ عوام کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں اور پبلک سروس ڈیلیوری کا معیار مزید بہتر کریں تا کہ لوگوں کو فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے۔ آر پی او محمد فیصل رانا نے کہا کہ سرگودھا ریجن پولیس دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے عوام کی جان، مال وعزت کی ہر ممکن حفاظت یقینی بنائے ہوئے ہے۔

بقیہ 49

ہوئے سینیٹر فیصل جاوید نے کہا کہ ان کی روایت ہے، یہ تو عدالتوں پر حملہ آور ہوتے ہیں۔ فیصل جاوید نے کہا کہ اگر یہ اپنے ایجنڈے میں کامیاب ہو جاتے تو سب سے پہلے ای وی ایم کو ختم کریں گے، پاکستان میں ایک کرمنل انٹرپرائز بننے جا رہا ہے؟ آئین پر عمل تو ہم نے کرنا ہی کرنا ہے۔ اس موقع پر موجود علی محمد خان نے کہا کہ اب یہ معاملہ بدل گیا ہے، اب معاملہ سیاست کا نہیں ریاست کا ہے، کچھ لوگ نہیں چاہتے تھے کہ عمران خان حکومت میں رہیں۔ علی محمد خان نے کہا کہ رولز صرف بہانا ہے عمران خان اصل نشانہ ہے۔

بقیہ 50

خلاف یوم احتجاج اور آئین کی حفاظت کے لئے یوم تحفظ آئین پاکستان کے طور پر منائے۔ آئمہ کرام اپنے خطبات میں عمران خان کے آئین شکنی پر مبنی اقدامات کی مذمت کریں۔

بقیہ 51

شعبوں کا اچانک دورہ کر کے مریضوں کی شکایات سنیں اور موقع پر ہی ہسپتال کی انتظامیہ کو ہدایات جاری کیں۔ ٹیم نے محسوس کیا کہ ہسپتال میں آنے والے مریضوں کو کئی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جن میں ہسپتال میں غیر معمولی رش، ڈاکٹروں کی تاخیر سے آمد، ادویات کا بروقت نہ ملنا، ڈاکٹروں کی تجویز کردہ ادویات سے کم مقدار میں ادویات دینا یا ان کی جگہ دوسری ادویات دینا، میڈیکل بلوں کی تصدیق میں غیر معمولی تاخیر، ہسپتال کے باہر سے لیبارٹری ٹیسٹ کروانے سمیت ہمہ نوع شکایات شامل تھیں۔ ٹیم نے ایمرجنسی، او پی ڈی، لیبارٹری، اسٹور اور کچن سمیت ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا اور صفائی کی غیر تسلی بخش صورتحال پر انتظامیہ کو ہدایات دیں۔ ٹیم نے ہسپتال کی انتظامیہ کے مسائل اور مشکلات کا جائزہ لینے کے لئے ہسپتال کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر شاہد حنیف سمیت دیگر سینئر ڈاکٹروں سے بھی ملاقات کی اور ان کی مشکلات کا جائزہ لیا۔

بقیہ 52

ڈی پی او ڈاکٹر رضوان احمد خان نے پولیس کو ایسے عناصر کے خلاف کارروائی کا حکم دے دیا جس پر تھانہ جھاوریاں پولیس ٹیم نے مختلف علاقوں میں چھاپے مار کر ہوائی فائرنگ اور نمائش اسلحہ کرتے ہوئے چار مسلح افراد کو گرفتار کر کے ملزمان عاقب سے رائفل 444 بور، محسن سے بندوق 12 بور، عمر دراز سے پسٹل 30 بور اور محمد بلال سے پسٹل 30 بور برآمد کر لیا جن کے خلاف ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ کی نمائش کرنے کی دفعات کے تحت الگ الگ مقدمات درج کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 53

آصف علی زرداری نے مرحلہ وار حکومت مخالف تحریک شروع کرنے کی تجویز دی ہے۔ آصف زرداری نے تجویز دی ہے کہ پہلے مرحلے میں صوبائی سطح پر عوامی احتجاج کیا جائے جبکہ دوسرے مرحلے میں عوام کو اسلام آباد اکٹھا کیا جائے،

بقیہ 54

خان حکومت سے نجات کی خوشی میں ملک بھر میں تقریبات منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ نیئر بخاری کے مطابق اس سلسلے میں صوبائی تنظیموں کو ہدایات کی گئی ہیں کہ وہ ضلعی ہیڈ کوارٹرز میں اجلاس اور تقریبات منعقد کرائیں۔ نیئر بخاری نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو کی عوامی لانگ مارچ کے نتیجے میں نااہل عمران خان سے نجات ملی اور جیالے کارکنوں نے عوامی قوت سے قوم کو عمران حکومت سے نجات دلائی۔

بقیہ 55

ڈالرز کا سامان فروخت کیا۔ ذرائع کا بتانا ہے ملزمان جعلی آرڈر سے رقم اپنے اکاؤنٹس میں منتقل کرتے تھے، امریکی کمپنی کو پتہ چلا تو انہوں نے تفتیش کر کے ان کی ساتھی امریکی خاتون کو گرفتار کر لیا ہے۔ امریکی خاتون کی نشاندہی پر ایف بی آئی نے پاکستانی حکام سے رابطہ کیا، جس پر ایف آئی اے نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا، ایف بی آئی نے سائبر کرائم کے ساتھ مل کر جوائنٹ تفتیش کرنا چاہتے ہیں، جس کے لیے امریکی تفتیشی ادارے نے ایف آئی اے سائبر کرائم کو خط لکھ دیا ہے۔

پنجاب اسمبلی کا معاملہ لاہور ہائیکورٹ میں لیکر جائیں، چیف جسٹس

کل ٹی وی پر یہ بھی دکھایا گیا کہ پنجاب اسمبلی کے باہر خاردار تاریں لگائی گئیں، منتخب ارکان اسمبلی کا معاملہ ہے' اعظم نذیر تارڑ

رات کو نجی ہوٹل میں تمام ایم پی ایز نے حمزہ شہباز کو وزیراعلی بنا دیا، سابق گورنر آج حمزہ شہباز سے باغ جناح میں حلف لیں گے

اسلام آباد(بیورو رپورٹ) چیف جسٹس عمر عطا بندیال پنجاب کے حوالے سے کوئی حکم نہیں دیں گے، بہتر یہی ہے کہ پنجاب کا معاملہ لاہور ہائیکورٹ میں لے کر جائیں۔ اسپیکر رولنگ از خود نوٹس کیس کی سماعت شروع ہوئی تو ایڈووکیٹ جنرل پنجاب روسٹرم پر آ گئے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ ہم ان پروسیڈنگ میں پنجاب اسمبلی کو ٹچ نہیں کررہے۔ وکیل ن لیگ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ کل ٹی وی پر یہ بھی دکھایا گیا کہ پنجاب اسمبلی کے باہر خاردار تاریں لگائی گئیں، 14 کروڑ کے صوبے کے منتخب ارکان اسمبلی کا معاملہ ہے۔ ایڈووکیٹ جنرل پنجاب احمد اویس نے کہا کہ رات کو نجی ہوٹل میں تمام ایم پی ایز نے حمزہ شہباز کو وزیراعلی بنا دیا، سابق گورنر آج حمزہ شہباز سے باغ جناح (بقیہ نمبر 1)

امید ہے آئین توڑنے والے کو قرار واقعی سزا ہوگی، مریم نواز

لاہور(سی ایم لنکس) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ امید ہے آئین توڑنے والے کو قرار واقعی سزا ہوگی۔ مریم نواز شریف نے ٹوئٹ کرتے ہوئے کہا کہ اسپیکر کی رولنگ کو غلط قرار دے دیا گیا، اچھی بات ہے مگر یہ رولنگ صرف غلط نہیں ہے بلکہ آئینِ پاکستان کی بدترین توہین ہے اور انتہائی خطرناک روش ہے۔

پریزیڈنٹ وسٹیشن کمانڈر کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی کی زیر صدارت کارکردگی کا جائزہ

سی ای او راولپنڈی عمران گلزار، ایڈیشنل سی ای او مجاہد شاہ، ایڈیشنل سی ای او نوید نواز، اسسٹنٹ سیکریٹری قیصر محمود کے علاوہ تمام برانچوں کے سربراہان نے شرکت کی

صفائی، واٹر سپلائی شکایات کے ازالہ سٹریٹ لائٹس، سینیٹیشن برانچ، فوڈ برانچ، واٹر ریکوری، ٹیکس، بلڈنگ کنٹرول سیل کے نظام میں بہتری کے لیے تجاویز پیش کی گئیں

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) پریزیڈنٹ وسٹیشن کمانڈر کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی بریگیڈیئر سلمان نذر کی زیر صدارت کارکردگی کا جائزہ شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گزشتہ روز پریزیڈنٹ وسٹیشن کمانڈر کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی بریگیڈیئر سلمان نذر کی زیر صدارت راولپنڈی کینٹ بورڈ کی کارکردگی کا جائزہ جس میں سی ای او راولپنڈی کینٹ عمران گلزار، ایڈیشنل سی ای او راولپنڈی مجاہد شاہ، ایڈیشنل سی ای او نوید نواز، اسسٹنٹ سیکریٹری راولپنڈی کنٹونمنٹ(بقیہ نمبر 14)

گلستان جوہر پلاٹس قبضہ کیس، عدالت کا کے ڈی اے کو قبضے ختم کرانے کا حکم

کراچی(سی ایم لنکس)عدالت نے کیس میں ریمارکس دیے کہ ہاکس بے کا بھی کیا حال کر رکھا ہے؟ اگر عمل درآمد نہ ہوا تو آئندہ ساعت پر ڈی جی کے ڈی اے پیش ہوں۔ تفصیلات کے مطابق سندھ ہائیکورٹ میں گلستان جوہر بلاک 6 میں 404 پلاٹس پر قبضے کے کیس کی ساعت دوران قبضے ختم نہ کرانے پر عدالت نے کے ڈی اے حکام پر شدید برہمی کا اظہار کیا۔ جسٹس سید حسن اظہر رضوی نے کہا کہ کے ڈی اے قبضہ مافیا کو سپورٹ کر رہا ہے۔ کے ڈی اے کو فوری قبضے ختم کرانے کا حکم دیتے ہیں۔ عدالت نے ڈی جی کے ڈی اے کو پولیس فورس استعمال کرنے کی بھی ہدایت کی اور ریمارکس دیے کہ چالیس چالیس سال پہلے کی (بقیہ نمبر 3)

حکومت بنا کر انتخابی اصلاحات کرنا چاہتے ہیں، بلاول

ڈپٹی اسپیکر کی غیر قانونی رولنگ نے وزیراعظم کی جمہوریت پر سوال اٹھا، چیئرمین پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ حکومت بنا کر انتخابی اصلاحات کرنا چاہتے ہیں، بدنیتی سے حکومت نے یہ فیصلہ لیا، ڈپٹی اسپیکر کی غیر قانونی رولنگ نے وزیراعظم کی جمہوریت پر سوال اٹھا۔ جمعرات کو آئینی صورتحال پر ازخود نوٹس کیس کے دوران سپریم کورٹ نے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کو روسٹرم پر بلا لیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ بدنیتی سے حکومت نے یہ فیصلہ لیا، ڈپٹی اسپیکر کی غیر قانونی رولنگ نے وزیراعظم کی جمہوریت پر سوال اٹھایا۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ آپ کا شکریہ کہ آپ نے بہت زبردست بات کی، آپ واحد ہیں جن (بقیہ نمبر 2)

کراچی، رمضان کریم میں ایک مسجد میں بچہ قرآن پاک پڑھ رہا ہے

پنجاب کے پسماندہ علاقوں کیلئے نرسنگ کالجز کا 20 فیصد کوٹہ مختص

لاہور(سی ایم لنکس)عبوری وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے پنجاب کے پسماندہ علاقوں کی طالبات کے لئے احسن ترین اقدام کیا ہے۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار کی خصوصی ہدایت پر پسماندہ علاقوں کی طالبات کے لئے نرسنگ کالجز میں داخلے کیلئے 20 فیصد کوٹہ مختص کر لیا گیا ہے۔ کابینہ اسٹینڈنگ کمیٹی برائے قانونی امور نے نرسنگ کالجز میں 20 فیصد کوٹہ مقرر کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ اس حوالے سے عثمان بزدار نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ پسماندہ علاقوں کی طالبات کو روزگار کے مواقع میسر ہوں گے۔ عبوری وزیراعلیٰ پنجاب کا کہنا ہے کہ پسماندہ اور دوردراز علاقوں کے مریضوں کیلئے نرسنگ اسٹاف میسر ہوگا۔

پرویز الٰہی کا مشکور ہوں کہ مجھے اپنا ترجمان مقرر کیا

جس طرح لوگوں کو خریدا جا رہا ہے سب کے سامنے ہے' فیاض الحسن چوہان

لاہور(این این آئی) تحریک انصاف کے رہنما فیاض الحسن چوہان نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی اور(ق) لیگ کے امیدوار وزارت اعلی پرویز الٰہی کا مشکور ہوں مجھے اپنا ترجمان مقرر کیا، اس وقت پاکستان میں وفاق و پنجاب میں خچروں گھوڑوں میں پی ایچ ڈی کرنے والی آل شریف چیٹنگ و آئین شکنی کر رہی ہے، جس طرح لوگوں کو خریدا جارہا ہے ذہنوں کی خریداری سب کے سامنے ہے، گلبرگ کا ہوٹل آل شریف کی دیانت کو منہ چڑھا رہا ہے ووٹ کو عزت دو کو نظریے کو طمانچے مار رہا ہے، اب لوگوں کی تین کروڑ پراڈو ویلاز میں خرید وفروخت کا میلہ کسی سے ڈھکا چھپا نہیں ہے۔ فیاض الحسن چوہان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مقامی ہوٹل میں ڈھٹائی سے حمزہ و بیگم صفدر اعوان گلے مل رہے انہوں نے آئین وقانون کی دھجیاں اڑائی ہیں

سکھر، شاہ عبداللطیف یونیورسٹی میں ایک روزہ تصویری نمائش کا انعقاد پر شعبہ میڈیا اینڈ کمیونیکیشن اسٹڈیز کے طلبہ تصاویر دیکھ رہی ہیں

آج الیکشن کرا لیں عمران خان دوبارہ اقتدار میں آئیگا، مونس الٰہی

پرویز الٰہی، چوہدری شجاعت نے مل کر مشرف کو کنوینس کیا لیکن جب شریف حکومت میں آئے ہمارے خلاف کیسز بنانا شروع کر دیے

شجاعت حسین نے پرویز الٰہی کو کہا شریفوں پر اعتبار نہ کرنا، شریف برادران کرپشن میں پھنسے ہوں تو فرش، باہر ہوں تو عرش پر ہوتے ہیں

لاہور(ہادی حسین) مسلم لیگ ق کے رہنما مونس الٰہی نے دعویٰ کیا ہے کہ آج الیکشن کرا لیں عمران خان دوبارہ اقتدار میں آئے۔ تفصیلات کے مطابق ق لیگ کے رہنما مونس الٰہی کی جانب سے بیان میں کہا گیا کہ آج الیکشن کرا لیں عمران خان دوبارہ اقتدار میں آئے گا، ق لیگ ملک میں جمہوریت کے فروغ کیلئے پی ٹی آئی کے ساتھ ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کے حوالے سے مونس الٰہی کا کہنا تھا کہ ہمارے(بقیہ نمبر 4)

سبطین خان پنجاب اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر مقرر

فیصل آباد، گجرات اور ساہیوال کے اضلاع کے عہدیداروں کا بھی تقرر کر کے نوٹیفکیشن جاری

لاہور(سی ایم لنکس)تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی منظوری کے بعد سبطین خان کو پنجاب اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر مقرر کر دیا گیا جبکہ پنجاب کے صدر شفقت محمود نے فیصل آباد، گجرات اور ساہیوال کے اضلاع کے عہدیداروں کا بھی تقرر کر کے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ تحریک انصاف پنجاب کی سیکرٹری اطلاعات مسرت جمشید چیمہ(بقیہ نمبر 5)

صحت کا عالمی دن، اچھی صحت، بہتر زندگی کے عہد کا دن

پنجاب فوڈ اتھارٹی کا عالمی یوم صحت کے حوالے سے آگاہی واک کا انعقاد، پیغام جاری

لاہور(سی ایم لنکس)صحت کا عالمی دن، اچھی صحت بہتر زندگی کے عہد کا دن۔ تفصیلات کے مطابق ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی شعیب خان جدون کی سربراہی میں عالمی یوم صحت کے حوالے سے آگاہی واک کا اہتمام کیا گیا۔ اس سال ہماری زمین، صاف ہوا، پانی اور اچھی خوراک کے تھیم سے منایا جا رہا ہے۔ عالمی ادارہ صحت کے مطابق ہر سال ایک کروڑ 30 لاکھ اموات ماحولیاتی آلودگی، آلودہ پانی اور ناقص خوراک کے باعث ہوتی ہیں۔ اشیاء خورونوش کی تیاری میں ناقص ممنوعہ اجزاء کا استعمال متعدد موذی بیماریوں (بقیہ نمبر 7)

ضلع نیلم میں گھوسٹ ملازمین کا انکشاف

وزیراعظم آزاد کشمیر سردار عبدالقیوم کا سخت نوٹس معاملے کی تحقیقات کا حکم

مظفرآباد(آئی آئی پی) وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر سردار عبدالقیوم کی زیر صدارت ضلع نیلم کے مسائل کا جائزہ لینے کے حوالہ سے اجلاس، ضلع نیلم میں گھوسٹ ملازمین کا انکشاف، وزیراعظم کا سخت نوٹس معاملے کی تحقیقات کا حکم۔ کمشنر مظفرآباد ڈویژن نے نیلم کے مسائل بارے مفصل رپورٹ وزیراعظم کو پیش کی۔ اجلاس میں ضلع نیلم کا موسم سرما میں رابطہ ہمہ وقت بحال رکھنے اور عوام کی سہولیات کیلئے سنو کلیئرنگ مشینری خریدنے کا فیصلہ۔ نیلم کے دیرینہ مسائل حل کرنے، ترقیاتی منصوبے لگانے اور سیاحت کے فروغ کے حوالہ سے جامع پلان مرتب کرنے کا فیصلہ۔ اجلاس میں پرنسپل سیکرٹری احسان خالد کیانی، ڈائریکٹر جنرل صحت ڈاکٹر آفتاب، کمشنر مظفرآباد ڈویژن مسعود الرحمان، ڈی(بقیہ نمبر 8)

راولپنڈی، ون ویلنگ کے خلاف کارروائی کے دوران تھانہ جات میں بند کیے گئے موٹرسائیکل

راولپنڈی، اپنی ممانی سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار

خواتین سے زیادتی پر زیرو ٹالیرنس ہے جسے ہر صورت یقینی بنایا جا رہا ہے

راولپنڈی (آئی آئی پی) صدر بیرونی پولیس کی کارروائی، اپنی ممانی سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق صدر بیرونی پولیس کو متاثرہ خاتون نے درخواست دی کہ بابر نے مجھے متعدد بار زیادتی کا نشانہ بنایا، متاثرہ خاتون کی درخواست پر صدر بیرونی پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم بابر کو گرفتار کر لیا، ایس ایچ او نے بتایا کہ متاثرہ خاتون کا میڈیکل پراسیس کروایا جا رہا ہے، ایس پی صدر احمد زنیر چیمہ کا کہنا تھا کہ خواتین سے زیادتی پر زیرو ٹالیرنس ہے جسے ہر صورت یقینی بنایا جا رہا ہے۔

ن لیگ نے اسپیکر پنجاب اسمبلی کے خلاف تحریک عدم اعتماد جمع کرادی

اسلام آباد(سی ایم لنکس)مسلم لیگ(ن) نے اسپیکر پنجاب اسمبلی چوہدری پرویز الٰہی کے خلاف تحریک عدم اعتماد جمع کرادی۔ اسپیکر پنجاب اسمبلی کے خلاف ایک بار پھر تحریک عدم اعتماد جمع کرانے کے لیے ن لیگی رہنما پنجاب اسمبلی سیکریٹریٹ پہنچے۔ رہنماؤں میں خواجہ سلمان رفیق، خلیل طاہر سندھو، سمیع اللہ خان اور دیگر شامل تھے۔ رہنماؤں نے اسپیکر پنجاب اسمبلی چوہدری پرویز الٰہی کے خلاف تحریک عدم اعتماد اسمبلی سیکریٹریٹ میں جمع کرادی۔ ساتھ ہی انہوں نے اسمبلی کا اجلاس بلانے کی ریکوزیشن بھی جمع کرائی ہے۔ واضح رہے کہ ایک روز قبل بھی اسپیکر پنجاب اسمبلی کے خلاف تحریک عدم اعتماد جمع کرانے کی نیت(بقیہ نمبر 6)

اکتوبر 2022 میں انتخابات کرانے کے لیے تیار ہیں، الیکشن کمیشن

اسلام آباد(سی ایم لنکس) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے اکتوبر میں انتخابات کرانے پر آمادگی ظاہر کر دی۔ الیکشن کمیشن نے صدر مملکت کے خط کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ اکتوبر 2022 میں انتخابات کرانے کے لیے تیار ہیں، آئین و قانون کے مطابق حلقہ بندیوں کے لیے مزید 4 ماہ درکار ہونگے۔ الیکشن کمیشن نے کہا کہ عام انتخابات سے متعلق اہم مشاورت کے لیے صدر مملکت اجلاس بلائیں۔ واضح رہے کہ ایوان صدر نے الیکشن کمیشن کو عام انتخابات کے انعقاد کے حوالے سے خط لکھ کر اسمبلی کی تحلیل کے 90 دن کے اندر الیکشن کرانے کی تاریخ پوچھی ہے۔

(ن) لیگ کا وزیراعلی پنجاب کے انتخاب کے لئے لاہور ہائیکورٹ جانے کا فیصلہ

اسلام آباد(سی ایم لنکس)مسلم لیگ(ن) نے وزیراعلی پنجاب کے انتخاب کے لیے پٹیشن تیار کر لی، حمزہ شہباز کل لاہور ہائی کورٹ میں آئینی درخواست دائر کریں گے۔ ن لیگ کے رہنما حمزہ شہباز کی جانب سے درخواست میں اسپیکر، ڈپٹی اسپیکر اور دیگر کو فریق بنایا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ یکم اپریل سے وزیراعلیٰ پنجاب کا عہدہ خالی ہے، پنجاب اسمبلی کا سیشن کال کر کے فوری طور پر وزیر اعلیٰ کے انتخابات کرائے جائیں۔ درخواست میں ساتھ ہی استدعا کی گئی ہے کہ پنجاب اسمبلی کے احاطے کو سیل کرنے کا اقدام بھی غیر قانونی ڈکلیئر کیا جائے۔ ن لیگ کے رہنما عطا تارڑ نے کہا ہے کہ پنجاب کا صوبہ گزشتہ 6 دنوں سے بغیر وزیراعلی کے چل رہا ہے، چوہدری پرویز الٰہی اسپیکر کا اثر ورسوخ استعمال کرتے ہوئے الیکشن نہیں ہونے دے رہے۔

نااہل سلیکٹڈ وزیراعظم بوکھلاہٹ کا شکار ہو گئے ہیں

قومی اسمبلی کو تحلیل کر کے آئین و قانون کی خلاف ورزی کی گئی، رانا عمران سکندر

شیخوپورہ (محمد نواز سے) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما وصدر گلی ککے زئیاں رانا عمران سکندر نے کہا ہے کہ نااہل سلیکٹڈ وزیراعظم بوکھلاہٹ کا شکار ہو گئے ہیں قومی اسمبلی کو تحلیل کر کے آئین وقانون کی خلاف ورزی کی گئی سپریم کورٹ آف پاکستان پر پوری قوم کی نظریں ہیں عدالت حق پر فیصلہ دے کر ملک وقوم کو نااہل حکمرانوں سے چھٹکارا دلائے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا عمران سکندر نے کہا کہ پاکستان دنیا کا تیسرا بڑا ملک ہے جہاں مہنگائی تیزی سے بڑھ رہی ہے ان سب چیزوں کا زمیندار عمران خان (بقیہ نمبر 9)

کوئٹہ، صوبائی وزیر سردار صالح بھوتانی سے محمد خان لہڑی اور عبدالخالق اچکزئی ملاقات کر رہے ہیں

موجودہ صورتحال میں تاجر برادری سمیت ہر شعبہ تباہ ہو رہا ہے

تعمیراتی شعبے مہنگائی کی وجہ سے تباہ ہو رہے ہیں، حاجی محمد عباس

شیخوپورہ (محمد نواز سے) معروف تاجر و صدر اکبر بازار حاجی محمد عباس نے کہا ہے کہ موجودہ صورت حال میں تاجر برادری سمیت ہر شعبہ تباہ ہو رہا ہے کوئی روک تھام نہ ہونے کی وجہ سے مہنگائی آسمانوں کو چھو رہی ہے تعمیراتی شعبے مہنگائی کی وجہ سے تباہ ہو رہے ہیں مگر انتظامیہ نام کی کوئی چیز نہیں ہے پاکستان کی معاشی حالت ایسے نہیں ہے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حاجی محمد عباس نے کہا کہ سیاسی عدم استحکام کی وجہ سے پاکستان کی اکانومی کے مسائل پس پردہ چلے گئے ہیں کیونکہ اب ان پر کسی کی توجہ نہیں ہے اگر حالات ایسے ہی (بقیہ نمبر 10)

گوجر خان میں تجاوزات کیخلاف بڑے آپریشن

چیف آفیسر بلدیہ گوجر خان کا اینٹی انکروچمنٹ کمیٹی کے ہمراہ بازار کا دورہ

کمشنر اور ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کے دوروں نے بلدیہ کی دوڑیں لگوا دیں

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق کمشنر راولپنڈی کی سرزنش اور تجاوزات کے خلاف نوٹس لینا رنگ لے آیا گوجر خان میں کمشنر راولپنڈی اور ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کے دو دن کے دوروں کا بلدیہ گوجر خان سخت اثر دونوں مختلف دوروں میں کمشنر راولپنڈی نے بھی آتے ہوئے تجاوزات کو دیکھ کر سخت برہمی کی اور ڈپٹی کمشنر نے بھی اپنے دورے کے دوران سخت ترین نوٹس لیا دونوں افسران کے نوٹس اور سرزنش رنگ لے آئی اور اینٹی انکروچمنٹ کا عملہ اور چیف آفیسر بلدیہ اعلی افسران کے دورے کے فوراً بعد فیلڈ میں آگے چیف آفیسر بلدیہ گوجر خان نے ڈپٹی کمشنر اور کمشنر راولپنڈی کے دورہ گوجر خان کے (بقیہ نمبر 11)

پسماندہ علاقوں کی طالبات کیلئے احسن ترین اقدام

نرسنگ کالجز میں داخلے کیلئے 20 فیصد کوٹہ مختص کر دیا ہے: عثمان بزدار

لاہور(بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار کا پسماندہ علاقوں کی طالبات کیلئے احسن ترین اقدام، وزیراعلیٰ عثمان بزدار کی خصوصی ہدایت پر پسماندہ علاقوں کی طالبات کیلئے نرسنگ کالجز میں داخلے کیلئے 20 فیصد کوٹہ مختص کر دیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے کہا ہے کہ پسماندہ علاقوں کی طالبات کو روزگار کے مواقع میسر ہوں گے اور پسماندہ اور دوردراز علاقوں کے مریضوں کیلئے نرسنگ سٹاف میسر ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پسماندہ علاقوں کے لوگوں کے حقوق کے نگہبان ہیں اور انہیں صحت سمیت دیگر بنیادی سہولتیں فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہیں۔

فیصل آباد، اسسٹنٹ کمشنر صدر عمر مقبول رمضان بازار کی انسپکشن کر رہے ہیں

چوروں کا ٹولا ایک انتخابی نشان لے لے

ہم اس کا مقابلہ کریں گے، تحریک انصاف کے رہنما فرخ حبیب

اسلام آباد(سی ایم لنکس) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فرخ حبیب نے کہا ہے کہ انتخابات کا بگل اب بج چکا ہے، چوروں کا ٹولا ایک انتخابی نشان لے لے، جو انتخابی نشان یہ لیں گے ہم اس کا مقابلہ کریں گے، پاکستان کے عوام فیصلہ کر کے بیٹھے ہیں، آئندہ انتخابات کے بعد وزیراعظم عمران خان ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو یہاں سپریم کورٹ کے باہر صحافیوں سے گفتگو میں کیا۔ فرخ حبیب نے کہا کہ پاکستان کے عوام کو بھکاری کہا گیا، لوگ اپنے پیٹ پر پتھر باندھنے کو تیار ہیں لیکن پاکستان کے عوام بھکاری نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا قومی اسمبلی کی سلامتی کمیٹی سے یہ لوگ کیوں بھاگے تھے، جب پارلیمنٹ میں خط لیکر گئے تو یہ وہاں سے یہ کیوں بھاگے تھے، اپوزیشن نے پاکستان کے جمہوری نظام کا مذاق اڑایا ہے۔

سیاسی عدم استحکام کا واحد حل انتخابات ہیں

پی ٹی آئی راہنما چوہدری فواد حسین کی سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد(سی ایم لنکس) پاکستان تحریک انصاف کے راہنما چوہدری فواد حسین نے کہا ہے کہ تحریک عدم اعتماد پر اسپیکر کی رولنگ کے حوالے سے فیصلے میں شہادتوں اور دستاویزات کو دیکھنا ضروری ہے، ملک میں سیاسی عدم استحکام کا واحد حل انتخابات ہیں۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو یہاں سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ چوہدری فواد حسین نے کہا کہ اٹارنی جنرل نے عدالت میں کہا کہ ان کیمرہ ساعت ہونی چاہئے (بقیہ نمبر 12)

امیر جماعت اسلامی سراج الحق منصورہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

پاناما جے آئی ٹی رپورٹ کے والیم 10 کو کھولنے کی تجویز

پانامہ جے آئی ٹی کا والیم 10 آرٹیکل 5 پر کارروائی میں عدالت کی معاونت کرے گا

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کے رہنما افتخار درانی نے پاناما جے آئی ٹی رپورٹ کے والیم 10 کو کھولنے کی تجویز دے دی۔ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما افتخار درانی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر پاناما جے آئی ٹی رپورٹ کے والیم 10 کو کھولنے کی تجویز دیتے ہوئے کہا کہ پانامہ جے آئی ٹی کا والیم 10(بقیہ نمبر 13)

ایڈیٹر انچیف۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ
راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین
فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

قاسم سوری نے دوست مزاری کو ٹوئٹر پر بلاک کر دیا

اسلام آباد(این این آئی) قومی اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر قاسم سوری نے پنجاب اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر دوست محمد مزاری کو لفظی جنگ کے نتیجے میں بلاک کر دیا۔ دوست محمد مزاری نے ٹوئٹر پر قاسم سوری کی ٹائم لائن کا اسکرین شاٹ شیئر کیا جس میں انہیں بلاک دیکھا جا سکتا ہے۔ تصویر شیئر کرتے ہوئے دوست مزاری نے ایموجی کا اضافہ کیا اور ساتھ یہ ہے سوری لکھا۔ خیال رہے کہ گزشتہ روز پنجاب اسمبلی کے اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر آمنے سامنے آ گئے، صوبے میں آئینی بحران مزید سنگین ہو گیا۔ حکمران جماعت(بقیہ نمبر 16)

غازی آباد حوالات میں پولیس کے مبینہ تشدد سے ملزم جاں بحق

لاہور (این این آئی) غازی آباد حوالات میں پولیس کے مبینہ تشدد سے ملزم جاں بحق ہو گیا۔ بتایا گیا ہے کہ غازی آباد حوالات میں پولیس کے مبینہ تشدد سے ملزم جاں بحق ہو گیا۔ حوالات میں عمر اقبال نامی ملزم کی موت واقع ہوئی ہے جبکہ ترجمان آپریشنز ونگ کا کہنا ہے کہ ملزم کو طبیعت خراب ہونے پر ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ جانبر نہ ہوسکا۔

ایشیائی ترقیاتی بینک پاکستان سمیت کئی ممالک میں چھوٹے کسانوں کو معاونت فراہم کریگا

اسلام آباد(سی ایم لنکس)ایشیائی ترقیاتی بینک اور ایل ڈی سی نے جمعرات کو 100 ملین ڈالر قرضہ کے معاہدے پر دستخط کر دیئے ہیں جس کے تحت پاکستان انڈونیشیا تھائی لینڈ اور ویتنام میں 50,000 سے زیادہ چھوٹے کسانوں کو معاونت فراہم کی جائیگی۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کے مطابق معاہدے کے تحت متعلقہ ممالک میں چھوٹے کسانوں کو فصلوں کی انوینٹری میں کے حوالہ سے آپریشنز میں معاونت فراہم کی جائیگی۔ اے ڈی بی نے کہا ہے کہ معاہدے سے غذائی رسد کی زنجیر (بقیہ نمبر 19)

میں جانتا ہوں امریکا ہمارا دوست نہیں ہے، سراج الحق

لاہور(سی ایم لنکس)امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق نے کہا ہے کہ خط کے حوالے سے اسٹیبلشمنٹ کی خاموشی حیران کن ہے۔ میں جانتا ہوں امریکا ہمارا دوست نہیں ہے۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے سراج الحق کا کہنا تھا کہ سپریم کورٹ سے مطالبہ ہے کہ آئین کو اصل اسپرٹ پر بحال کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دیکھنا چاہیے کہ آئین اور قانون کیا کہتا ہے، ہم چاہتے ہیں کہ آئین بحال ہو۔ سراج الحق کا کہنا تھا کہ آئین پر پہرہ دینا ہم ایمان کا حصہ سمجھتے ہیں، آئین کو (بقیہ نمبر 22)

مبینہ کرپشن کے الزامات کا سامنا کرنے والی فرح خان کے ساتھ بھی فراڈ ہو گیا

لاہور(سی ایم لنکس) مبینہ کرپشن کے الزامات کا سامنا کرنے والی فرحت شہزادی عرف فرح خان کے ساتھ بھی فراڈ ہو گیا۔ وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) حکام کا کہنا ہے کہ خاتون اول کی دوست فرحت شہزادی عرف فرح خان نے لگژری کار بک کروائی، فرح خان کو کار ملی نہ پیسے۔ حکام کے مطابق ملزم ملک سے فرار ہو گیا جس کا مقدمہ درج کیا گیا، جبکہ فرح خان نے ایف آئی آر میں اپنا اصل نام فرحت شہزادی لکھوایا۔ حکام کا کہنا تھا کہ فرح خان نے لگژری کار 7 کروڑ روپے میں بک کروائی، اس کار کی بکنگ (بقیہ نمبر 23)

بورڈ آف ریونیو اور پنجاب بینک میں مفاہمتی یادداشت پر دستخط

لاہور (سی ایم لنکس) بورڈ آف ریونیو پنجاب اور پنجاب بینک میں پٹواریوں اور آفس سٹاف کو کنزیومر فنانسنگ کے تحت قرضوں کی فراہمی کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب بورڈ آف ریونیو کے صوبائی ہیڈ کوارٹرز میں منعقد ہوئی۔ سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو پنجاب بابر حیات تارڑ، بورڈ ممبران و افسران جبکہ بینک آف پنجاب کے گروپ چیف کنزیومر و ڈیجیٹل بینکنگ زاہد مصطفی، گروپ ہیڈ ریٹیل آصف ریاض و دیگر آفیسرز تقریب میں شریک تھے۔ اس موقع پر بورڈ آف ریونیو کی جانب سے سیکرٹری ریونیو اشفاق احمد اور پنجاب بینک کے گروپ ہیڈ (بقیہ نمبر 24)

تحریک انصاف کے مرکزی سیکرٹریٹ میں سیاسی سرگرمیوں میں تیزی

تحریک انصاف کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی نے مرکزی سیکرٹریٹ کا مفصل دورہ کیا

اسلام آباد(این این آئی) قومی اسمبلی تحلیل ہونے کے بعد پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی سیکرٹریٹ میں سیاسی سرگرمیوں میں تیزی آ گئی۔ سابق وزیر خارجہ اور پاکستان تحریک انصاف کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی نے مرکزی سیکرٹریٹ کا(بقیہ نمبر 15)

کراچی کا سرکاری اسکول منشیات کے عادی افراد کی آماجگاہ

اسکول کی عمارت میں اب تک 4 نشہ کرنے والے افراد مر چکے ہیں، علاقہ مکین

کراچی(این این آئی) کراچی کے علاقے اورنگی ٹاؤن میں واقع سرکاری اسکول منشیات کے عادی افراد کی آماجگاہ بن گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق اسکول کی عمارت میں جگہ جگہ راکھ، سرنج اور نشے کی باقیات موجود ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ اسکول میں نہ فرنیچر ہے اور نہ ہی دیگر کوئی سہولیات موجود ہیں جبکہ عمارت گزشتہ کئی سالوں سے کھنڈرات(بقیہ نمبر 17)

عائشہ جمیل ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر کا چارج سنبھالنے کے بعد افسران وسٹاف سے میٹنگ کر رہی ہیں

ڈپٹی اسپیکر نے وزیراعظم کو بچانے کیلئے غیر آئینی رولنگ دی، محسن نواز رانجھا

پنجاب اسمبلی میں دیکھا لوگ حمزہ کو ووٹ دینے کیلئے تیار ہیں اسمبلی کو تالے لگا دیئے، محمد زبیر عمر کی میڈیا سے بات چیت

اخبارات کی ہیڈ لائنز ہیں کہ عمران خان کے خلاف کوئی سازش نہیں ہوئی، کسی نے اس کی تردید نہیں کی، دانیال عزیز

اسلام آباد، یونیورسٹی آف آزاد کشمیر اور سنٹر فار انٹرنیشنل سٹریٹجک سٹڈیز کے درمیان تعاون کے معاہدے پر دستخط کیے جا رہے ہیں، صدر آزاد کشمیر بیرسٹر سلطان محمود بھی موجود ہیں

اسلام آباد(مدثر الیاس کیانی) پاکستان مسلم لیگ(ن) کے رہنما محسن نواز رانجھا نے کہا ہے کہ ڈپٹی اسپیکر نے وزیراعظم کو بچانے کیلئے غیر آئینی رولنگ دی، حکومت الیکشن کمشنر کی تعیناتی سے لیکر تمام معاملات میں آئینی ذمہ داریاں نبھانے میں ناکام رہی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محسن نواز رانجھا نے کہا کہ ڈپٹی اسپیکر وزیراعظم کو بچانے کیلئے (بقیہ نمبر18)

بے شرمی، بے حیائی کیساتھ ہارس ٹریڈنگ ہو رہی ہے

اندرونی معاملات جیسے بھی ہوں کوئی کسی ملک کی مداخلت برداشت نہیں کرتا، اسد عمر

اسلام آباد(این این آئی) سابق وزیر اور پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اسد عمر نے کہا ہے کہ اندرونی معاملات جیسے بھی ہوں کوئی کسی ملک کی مداخلت برداشت نہیں کرتا، کسی ملک کو کیسے اجازت دی جاسکتی ہے کہ پاکستان میں مداخلت کرے؟۔ ایک (بقیہ نمبر 20)

رمضان پیکیج کے نام پر حکومت نے عوام کو لولی پاپ دیا ہے' ذکر اللہ مجاہد

حکومت اور اپوزیشن دونوں کو ہی عوام کے مسائل سے کوئی سروکار نہیں

لاہور(این این آئی)امیر جماعت اسلامی لاہور میاں ذکر اللہ مجاہد نے کہا کہ رمضان پیکیج کے نام پر حکومت نے عوام کو لولی پاپ دیا ہے۔ رمضان المبارک کے مقدس مہینے کے اندر حکومت کا غریب عوام کو ریلیف دینے کے بلند بانگ دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے ہیں۔ غریب آدمی اس مبارک ماہ کے اندر بھی سستی اشیاء سے محروم ہو چکا ہے اور مزید ظلم یہ ہے کہ ناقص اشیاء خریدنے پر مجبور ہے اور ناقص اشیاء کی قیمتیں بھی آسمان سے باتیں کر رہی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے الخدمت فوڈ بنک کے دورہ کے موقع پر میڈیا سے (بقیہ نمبر 21)

سیکرٹری ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ داؤد خان ریڈنگ پالیسی کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

منصوبہ بندی کر کے آئین توڑا گیا، کوئی پوچھنے والا نہیں

ملک کا صدر، وزیراعظم، اسپیکر، ڈپٹی اسپیکر، وفاقی وزرا منصوبہ بندی کر کے آئین توڑ رہے ہیں، شاہد خاقان عباسی

اگر اس معاملے کا نوٹس سپریم کورٹ نہیں لے گا تو کون لے گا، سرکاری افسران ان لوگوں کے احکامات پر عمل درآمد نہ کریں

اسلام آباد(نمائندہ عوامی للکار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ منصوبہ بندی کر کے ملک کا آئین توڑا گیا، ملک میں لوگ اقتدار پر قابض ہیں، کوئی پوچھنے والا نہیں، ملک کا صدر، وزیراعظم، اسپیکر، ڈپٹی اسپیکر، وفاقی وزرا منصوبہ بندی کر کے آئین توڑ رہے ہیں، اگر اس معاملے کا نوٹس سپریم کورٹ نہیں لے گا تو کون لے گا، سرکاری افسران ان لوگوں کے احکامات پر عمل درآمد نہ کریں، حکم دینے والے لوگ کل آپ کو نظر نہیں آئیں گے۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ جو کچھ پنجاب میں اسمبلی میں ہو رہا ہے، کیا آئین واضح نہیں ہے کہ ملک میں وزرائے اعلیٰ کا انتخاب کیسے ہوگا، آج پنجاب اسمبلی میں وہ کام ہوا ہے جو بدترین مارشل لا میں نہیں ہوا۔

گھریلو ناچاقی پر تین شادی شدہ خواتین نے زہر پی کر خودکشی کر لی

خاوند سے جھگڑ کر 40 سالہ پٹھانی نے کالا پتھر زہر پی کر خودکشی کر لی

ساہیوال(این این آئی) گھریلو ناچاقی پر تین شادی شدہ خواتین نے زہر پی کر خودکشی کر لی۔ تفصیلات کے مطابق چک 130۔ نائن ایل میں خاوند سے جھگڑ کر 40 سالہ پٹھانی نے کالا پتھر زہر پی کر خودکشی کر لی۔ ماموں کانجن سے مہمان آئی ہوئی سرفراز احمد کی بیوی 25 سالہ مریم نے خاوند کی مالی پریشانیوں سے تنگ آ کر کالا پتھر زہر پی کر خودکشی کر لی۔

مسلم لیگ ن کے رکن اسمبلی خلیل طاہر سندھو پنجاب اسمبلی کے باہر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

آئین پاکستان ملک وملت کی سلامتی، حقوق کا ضامن ہے، لیاقت بلوچ

آئین پر عمل ہی جنگل کے قانون سے محفوظ رکھ سکتا ہے، نائب امیر جماعت اسلامی

لاہور(آئی آئی پی) نائب امیر جماعت اسلامی وسابق پارلیمانی لیڈر لیاقت بلوچ نے منصورہ میں سیاسی کمیٹی کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئین پاکستان ملک وملت کی سلامتی، حقوق کا ضامن ہے۔ آئین پر عمل ہی جنگل کے قانون سے محفوظ رکھ سکتا ہے۔ جماعت اسلامی آئین کے تحفظ اور آئین کے مطابق امور ریاست کو چلانے کی ہر جدوجہد کرے گی، فوجی آمریت ہو یا اپنے مفادات کے تحفظ کے لئے شخصی آمریت ہو ان کا سدباب کرنا ہر جمہوری، ذی شعور شہری، اور سول سوسائٹی کی قومی ذمہ داری ہے۔